www.dailypakistanbulletin.pk

کراچی اور ٹھٹھہ سے شائع ہونے والا مقبول اخبار

Daily Pakistan Bulletin Karachi

روزنامہ ABC Certified

پاکستان بلیٹن کراچی

چیف ایڈیٹر: سراج احمد

جلد نمبر 12 | ہفتہ 26 ستمبر 2026ء، بمطابق 13 ربیع الثانی 1448ھ | شمارہ 59 | قیمت 10 روپے

پی ٹی آئی سیاسی کمیٹی کا 27 ستمبر کا احتجاج موخر کرنے پر اتفاق

وفاقی حکومت نے جلوس کو روکنے کے لیے بڑے پیمانے پر تیاریاں کر رکھی ہیں وفاق ہمارے ساتھ کھیل رہا ہے، ہم بھی ان کے ساتھ کھیلیں گے، پارٹی اراکین

لانگ مارچ کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرلیا گیا ہے اور کارکنان مقررہ تاریخ کو پشاور سے مارچ کا آغاز کریں گے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا

پشاور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے لانگ مارچ موخر کرنے کا اعلان کرتے ہوئے نئی تاریخ (4 اکتوبر) کا اعلان کر دیا۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ لانگ مارچ اب 4 اکتوبر کو پشاور سے روانہ ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ لانگ مارچ کے حوالے سے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرلیا گیا ہے اور کارکنان مقررہ تاریخ کو پشاور سے مارچ کا آغاز کریں گے۔ قبل ازیں پشاور میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے کہا کہ ہمارا لانگ مارچ ہر صورت ہوگا، حکومت کیلیں لگائے، کنٹینرز رکھے یا گولیاں چلائے، ان شاء اللہ ہم نکلیں گے اور اس جعلی نظام اور کرپٹ حکمرانوں کا Once for all بندوبست کریں گے۔ خیبر پختونخوا کے وزرا کو اغوا کیا جا رہا ہے، سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد کے ذریعے کبھی گولیاں چلائی جاتی ہیں اور کبھی اغوا کیا جاتا ہے، ملک میں جو کچھ ہو رہا ہے، اس پر سنجیدگی سے غور کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہد خٹک تحریک انصاف کے پارلیمانی لیڈر ہیں اور ان کا تعلق خیبر پختونخوا سے ہے، انہیں میڈیا پر بین کر دیا گیا ہے، اس کا کیا مطلب لیا جائے؟ خیبر پختونخوا کے وزیر اطلاعات کو بھی میڈیا پر بین کیا گیا ہے، یہ صورتحال قابل غور ہے۔ مجھے ابھی اطلاع ملی ہے کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا کی کوریج سے بھی روک دیا گیا ہے، اس کا کیا مطلب لیا جائے؟ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 30

پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، وزیراعظم

کان کنی اور معدنیات بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کا اہم شعبہ ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے مشکل مرحلہ ہے؛ دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے

نوجوانوں کو ہنر، روزگار کے مواقع فراہم کر کے خودمختار بنا رہے ہیں، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت سے متعلق اقدامات ہماری ترجیحات میں شامل ہیں، نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، شہباز شریف کی وفد سے ملاقات میں گفتگو

نیویارک (ویب ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کے قیام کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے مشکل مرحلہ ہے۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف سے نیویارک میں امریکا کی بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اور امریکا پاکستان بزنس کونسل کے وفود نے ملاقات کی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ادویات، آٹو موبائل، کنسٹرکشن، مینوفیکچرنگ، مصنوعی ذہانت، فنانس، مشروبات، تعلق رکھنے والی کاروباری شخصیات وفد میں شریک تھیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی کاروبار و سرمایہ کاری دوست پالیسیوں اور حکومت کے مختلف شعبوں کی ترقی کیلئے اقدامات کے حوالے سے شرکا کو اعتماد میں لیا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان امریکا بزنس کونسل اور بزنس کونسل فار انٹرنیشنل انڈر اسٹینڈنگ اسلام آباد و ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 37

وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا لانگ مارچ کو لیڈ کریں گے، بیرسٹر گوہر

ہم علامہ راجہ ناصر عباس جعفری اور محمود اچکزئی کو پارٹی معاملات سے متعلق آگاہ کرتے ہیں

عمران خان نے لانگ مارچ کا اختیار سہیل آفریدی کو دیا ہے جو بھی فیصلہ ہوگا وہی آگاہ کریں گے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ عمران خان نے لانگ مارچ کا اختیار سہیل آفریدی کو دیا ہے، لانگ مارچ سے متعلق جو بھی فیصلہ ہوگا وہ سہیل آفریدی ہی آگاہ کریں گے۔ ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ اپوزیشن لیڈران کو کچھ فیصلوں سے متعلق اعتماد میں لیا ہے، پی ٹی آئی کی مجموعی صورتحال اور پارٹی کی مستقبل کی حکمت عملی زیر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 31

عوام کی خدمت کی سیاست کرنی ہوگی، حافظ نعیم الرحمٰن

حکومت نے جلسے کے راستے بند کرنے کی کوشش کی، ہمیں جلسے کے انتظامات نہیں کرنے دیے گئے

مارچ کو ہم نے صرف روکا ہے ختم نہیں کیا حکومت اپنے ہتھکنڈوں سے باز آجائے، جلسے سے خطاب

لاہور (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ جیسی پارٹیاں ... لاہور وحدت روڈ پر جلسہ عام سے خطاب میں انہوں نے کہا کہ حکومت نے جلسے کے راستے بند کرنے کی کوشش کی ... .بقیہ صفحہ 3 نمبر 32

چمن سیکٹر پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام، متعدد طالبان ہلاک

پاک افواج نے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیامیٹ کر دیا

سیکیورٹی فورسز افغان سرزمین سے پاکستان کی حدود میں ہونیوالی ہر دراندازی کا بروقت اور موثر جواب دینے کیلئے ہمہ وقت تیار ہیں

پاکستانی افواج کی جوابی کارروائی نے افغان طالبان جیسے مکار دشمن کی دراندازی کا منصوبہ مکمل طور پر ناکام بنا دیا، سیکیورٹی ذرائع

چمن (ویب ڈیسک) پاک افغان سرحد پر دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، جس میں متعدد طالبان ہلاک ہو گئے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق چمن سیکٹر میں پاک افغان سرحدی علاقے پر افغان جارحیت اور دراندازی کی کوشش ناکام بنا دی گئی، اس کارروائی میں متعدد افغان طالبان ہلاک ہوئے۔ ذرائع نے بتایا کہ افغانستان کی جانب سے چمن سیکٹر پر جارحیت کی کوشش کی گئی جس پر سیکیورٹی فورسز نے بروقت جوابی کارروائی کی۔ پاک فوج نے اشتعال انگیز فائرنگ کا موثر اور بھرپور جواب دے کر دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق پاک افواج نے موثر کارروائی کرتے ہوئے جارحیت کرنے والی افغان طالبان رجیم کی پوسٹوں کو کواڈ کاپٹر اور مارٹر فائر سے ملیامیٹ کر دیا۔ پاکستانی افواج کی جوابی کارروائی نے افغان طالبان جیسے مکار دشمن کی دراندازی کا منصوبہ مکمل طور پر ناکام بنا دیا۔ سیکیورٹی فورسز افغان سرزمین سے پاکستان کی حدود میں ہونے والی ہر دراندازی کا بروقت اور موثر جواب دینے کے لیے ہمہ وقت تیار ہیں۔

وزیراعظم شہباز شریف نے نیویارک میں بزنس کونسل کے وفد سے ملاقات کی

خیبر پختونخوا کے وزیراعلیٰ محمد سہیل آفریدی نے پشاور میں پریس کانفرنس کی

سوشل میڈیا کے دور کے باوجود پرنٹ کی افادیت برقرار رہے گی، مریم نواز

معلومات کی بھرمار کے موجودہ دور میں آج بھی اخبارات اطلاعات کا مستند ذریعہ ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب

لاہور (ویب ڈیسک) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے مطالعہ اخبارات کے حوالے سے ریڈرشپ ڈے پر خصوصی پیغام کے موقع پر پرنٹ میڈیا سے وابستہ صحافیوں اور آل پاکستان نیوز پیپر سوسائٹی اور پرنٹ میڈیا سے متعلقہ تمام تنظیموں کے عہدیداروں اور ارکان کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40



پشاور میں سنہری مسجد کے باہر جمعہ کی نماز کے دوران سیکیورٹی ہائی الرٹ ہے

امریکا بعض شرائط پوری کر دے تو آبنائے ہرمز 7 روز میں کھول دیں گے، عراقچی

یہ شرائط نئی نہیں ہیں اور وہی ہیں جو اس سے قبل اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) میں اٹھائی گئی تھیں

نیویارک (ویب ڈیسک) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا کہنا ہے کہ تہران نے ثالثوں کے ذریعے آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھولنے کا منصوبہ پیش کیا ہے۔ نیویارک میں صحافیوں اور امریکی تھنک ٹینکس کے ارکان کے ایک گروپ سے ملاقات کے دوران ایرانی وزیر خارجہ کا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 6

پاکستان کو مضبوط بنانے کیلئے نئے صوبے ضروری ہیں، مصطفیٰ کمال

موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا مسئلہ برقرار ہے

بڑے صوبوں میں انتظامی امور اور وسائل کی تقسیم کے مسائل بڑھ رہے ہیں، وفاقی وزیر

کراچی (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا ہے کہ پاکستان کو مضبوط اور مستحکم بنانے کے لیے نئے صوبوں کا قیام ناگزیر ہے، موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث اختیارات اور وسائل کی منصفانہ تقسیم کا مسئلہ برقرار ہے۔ ایک بیان میں مصطفیٰ کمال نے کہا کہ وفاق این ایف سی ایوارڈ میں 8 ہزار 884 ارب روپے صوبوں کو منتقل کیے گئے ہیں، تاہم اس کے باوجود عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور حکمرانی کے مسائل حل نہیں ہو سکے۔ انہوں نے کہا کہ 18 ویں ترمیم کے بعد اختیارات کی بڑی تعداد صوبوں کو منتقل ہوئی اور عملی طور پر ملک چار حصوں میں تقسیم ہو گیا ہے، صوبوں کو ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 36

پی ٹی آئی کی لانگ مارچ ملتوی کرنے کی تجویز، اچکزئی کا صاف انکار

27 ستمبر کا مارچ مؤخر نہیں ہوگا اپنے موقف پر قائم ہیں اچکزئی، پی ٹی آئی قیادت کی اچکزئی کو منانے کی کوششیں

صوبوں میں تحریک شروع ہوگی اور تحریک آہستہ آہستہ اسلام آباد کی جانب بڑھے گی، محمود خان

اسلام آباد (ویب ڈیسک) پی ٹی آئی قیادت نے اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی کو لانگ مارچ اکتوبر تک ملتوی کرنے کی تجویز پیش کر دی تاہم اچکزئی نے اسے ملتوی کرنے سے انکار کر دیا اور کہا ... پیش کی گئی تجویز سے انہیں آگاہ کیا جس میں مارچ ملتوی کرنے کا کہا گیا ہے۔ اس حوالے سے چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کی اپوزیشن لیڈر محمود خان اچکزئی سے ملاقات ہوئی ہے جس میں بیرسٹر گوہر نے محمود ... .بقیہ صفحہ 3 نمبر 34

پنجاب حکومت نے وفاق کو 19 ہزار نفری دینے سے معذرت کرلی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) اسلام آباد احتجاج کے معاملے پر پنجاب حکومت نے وفاق کو 19 ہزار نفری دینے سے معذرت کرلی، تاہم ساڑھے 12 ہزار نفری دینے کی حامی بھر لی ہے۔ ذرائع کے مطابق صوبے میں سیکیورٹی ضروریات کے باعث مطلوبہ نفری دینے سے معذرت کی گئی ہے، وفاق نے ... پنجاب سے 20 ہزار نفری ... .بقیہ صفحہ 3 نمبر 28

بلاول بھٹو کراچی سے اسلام آباد پہنچ گئے، اہم سیاسی ملاقاتیں متوقع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) بلاول بھٹو زرداری کراچی سے اسلام آباد پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری کی اسلام آباد میں اہم سیاسی ملاقاتیں متوقع ہیں۔ ذرائع کے مطابق بلاول بھٹو زرداری پارٹی رہنماؤں اور اہم سیاسی شخصیات سے ملاقاتیں کریں گے۔ سیاسی ذرائع کا کہنا ہے کہ بلاول بھٹو زرداری کی اہم ... .بقیہ صفحہ 3 نمبر 35

طالبان رجیم کا دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار

پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشتگردوں کی نام، پتے و خاندانی تفصیلات کیساتھ شناخت ہو چکی

پشاور (ویب ڈیسک) افغان طالبان رجیم تمام شواہد کے باوجود دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار کر رہی ہے۔ نجی ٹی وی کے مطابق پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشت گردوں کی نام، پتے و خاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہو چکی ہے، غیر شناخت شدہ اور فعال دہشت گرد اس اعدادوشمار میں شامل نہیں۔ ہلاک افغان دہشت گردوں کے جنازے ان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 29

سعودی عرب، ترکیہ اور پاکستان کے اعلیٰ فوجی حکام کا اجلاس طلب

وزرائے خارجہ کی مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کی شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی بھی شدید مذمت

کوششوں کو سراہتے ہوئے سعودی عرب کے اپنے دفاع کے حق کی بھی حمایت کی

ریاض، نیویارک (ویب ڈیسک) سعودی عرب پر حوثی حملوں کے بعد مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی مدد کا طریقہ کار طے کرنے کے سلسلے میں سعودیہ، ترکیہ اور پاکستان کے اعلیٰ فوجی حکام کا ہنگامی اجلاس طلب کرلیا گیا۔ سعودی وزارت خارجہ کے مطابق تینوں ممالک کے اعلیٰ فوجی حکام مشترکہ دفاعی معاہدے کے تحت سعودی عرب کی مدد کے طریقوں پر تبادلہ خیال کریں گے۔ دوسری جانب پاکستان، سعودی عرب اور ترکیہ کے وزرائے خارجہ کی نیویارک میں اہم ملاقات ہوئی جس میں اسحاق ڈار، شہزادہ فیصل بن فرحان اور حاقان فیدان نے تینوں ملکوں کے اعلیٰ فوجی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 38

نیویارک: وزیراعظم شہباز شریف نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل سے ملاقات کی

پی ٹی آئی والے بزدل لوگ ہیں اسی لیے دھرنا دینے سے بھاگ گئے، وزیر اطلاعات

ہمت ہے تو آ لانگ مارچ کرو؛ خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتوں پر دہشتگردوں نے حملے کیے، پی ٹی آئی دہشتگردوں کی منظور نظر ہے

افغان طالبان اور ٹی ٹی پی کی سہولت کاری خیبر پختونخوا حکومت کرتی ہے، تحریک انصاف ٹی ٹی پی کی بی ٹیم اور ٹی ٹی اے کی سی ٹیم ہے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر اطلاعات عطاء تارڑ نے پاکستان تحریک انصاف کو چیلنج دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہمت ہے تو آ کر لانگ مارچ کرو، یہ بزدل لوگ ہیں اسی لیے لانگ مارچ اور دھرنوں سے بھاگ رہے ہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ پی ٹی آئی والے دہشت گردوں کی مذمت نہیں کرتے، یہ دہشتگردوں کے سہولت کار ہیں، دہشتگردی کے فروغ میں ان کا ہاتھ ہے، امن و امان ٹھیک کرنا کے پی کی صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ وزیر اطلاعات نے کہا کہ خیبر پختونخوا کی تمام سیاسی جماعتوں پر دہشتگردوں نے حملے کیے، پی ٹی آئی دہشتگردوں کی منظور نظر ہے، یہ بھی ان کی مذمت نہیں کرتے، دہشتگردوں کی سہولت کاری کرنا پی ٹی آئی کی پالیسی کا حصہ ہے۔ عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ افغان طالبان اور ٹی ٹی پی کی سہولت کاری خیبر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 27

پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا پولیس کو ٹائیگر فورس بنانے کی کوشش کی، فیصل کریم کنڈی

خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف مسلسل قربانیاں دے رہی ہے، گورنر کے پی

پشاور (ویب ڈیسک) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی نے خیبر پختونخوا پولیس کو ٹائیگر فورس بنانے کی کوشش کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فیصل کریم کنڈی کا صوبائی حکومت کو امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے اور صوبے کے مسائل پر توجہ دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہنا تھا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف مسلسل قربانیاں دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی کابینہ کے اجلاس میں پولیس ایکٹ منظور کیا گیا، تاہم کابینہ کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 39

اس بار فیصلہ کن معرکہ ہوگا اور پی ٹی آئی پھر کبھی اسلام آباد کا رخ نہیں کرے گی، وزیر دفاع

تحریک انصاف والے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو سومنات کے مندر سے تشبیہ دے رہے ہیں لیکن یہ ان کی آخری کوشش ہوگی

وفاقی وزرا کی جانب سے واضح طور پر کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کو اسلام آباد میں کسی صورت داخل نہیں ہونے دیا جائے گا، خواجہ آصف

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر دفاع خواجہ آصف کا کہنا ہے پاکستان تحریک انصاف والے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کو سومنات کے مندر سے تشبیہ دے رہے ہیں لیکن یہ ان کی آخری کوشش ہوگی، اس کے بعد یہ لوگ اس طرح کا رخ نہیں کر سکیں گے۔ پاکستان تحریک انصاف نے 27 ستمبر کو اسلام آباد مارچ کا اعلان کر رکھا ہے جبکہ وفاقی وزرا کی جانب سے واضح طور پر کہا گیا ہے کہ پی ٹی آئی والوں کو اسلام آباد میں کسی صورت داخل نہیں ہونے دیا جائے گا۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی کا کہنا ہے اگر حکومت نے ہمارے احتجاج کو روکنے کی کوشش کی تو نوجوان ان کی اینٹ سے اینٹ بجا دیں گے جبکہ پی ٹی آئی کے رکن قومی اسمبلی اور صدر تحریک انصاف خیبر پختونخوا جنید اکبر نے چند روز قبل اپنے بیان میں کہا تھا کہ اگر حکومت نے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 25

جماعت اسلامی کراچی کے امیر منعم ظفر نے ادارہ نورالحق کراچی میں میڈیا سے گفتگو کی

Daily Pakistan Bulletin Karachi
روزنامہ پاکستان بلیٹن کراچی
ABC Certified
چیف ایڈیٹر: سراج احمد | مینجنگ ایڈیٹر: کاشر مصطفیٰ

پبلشر محمد حنیف نے الآصف پرنٹنگ پریس آئی آئی چندریگر روڈ سے چھپوا کر آفس نمبر 42، تھرڈ فلور، ہینڈی کرافٹ بلڈنگ، عبداللہ ہارون روڈ صدر کراچی سے شائع کیا۔
021-35210448
021-36450295
021-35210448
pakistanbulletinkarachi@gmail.com
pakbulletin.786@gmail.com
www.dailyPakistanbulletin.pk

اسلام آباد دھرنے اور وفاقی وزرا کی وارننگ

خزانہ، اطلاعات اور پٹرولیم کے وزرا اور وزیر مملکت محمد اورنگ زیب، عطا تارڑ، علی پرویز ملک اور طلال چودھری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے اسلام آباد کی جانب لانگ مارچ کے حوالے سے اسلام آباد ہائیکورٹ کے فیصلہ پر عملدرآمد کیا جائے گا اور کسی پرتشدد جتھے کو اسلام آباد پر دھاوا بولنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے باور کرایا کہ کاروباری بندش سے روزانہ 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے۔ حکومت عدالتی حکم پر بہرصورت عمل کرے گی۔ عطا تارڑ نے بتایا کہ وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں 22 لاکھ افراد رجسٹرڈ ہوئے ہیں جن میں سے 19 لاکھ افراد کو ٹوکن جاری کئے جا چکے ہیں۔ علی پرویز ملک نے خدشہ ظاہر کیا کہ پٹرول کی قلت پیدا ہوئی تو اس کی قیمت 1000 روپے لٹر تک جا سکتی ہے۔ وزیر خزانہ اورنگ زیب کے بقول درپیش چیلنجز کے باوجود ملکی معیشت بہتری کی جانب گامزن ہے اس لئے مارچ، دھرنے اور ہڑتالیں سمجھ سے بالاتر ہیں۔ وفاقی وزرا نے پی ٹی آئی خیبر پی کے کے صدر جنید اکبر کے بیان کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ ان کے بیان سے ثابت ہو گیا کہ وہ کیا کرنا چاہتے ہیں۔ مشیر وزیراعظم رانا ثنااللہ کے بقول کچھ عناصر گڑبڑ کے لیے موقع کی تلاش میں ہیں۔ اس میں تو کوئی دورائے نہیں کہ شہریوں کو اپنے کسی مسئلہ پر احتجاج کے لیے سڑکوں پر آنے کا آئینی حق حاصل ہے اور اسلام آباد ہائیکورٹ نے شہریوں کے آئینی حق احتجاج کو تسلیم کرتے ہوئے دارالحکومت میں احتجاج کے لیے حدود و قیود بھی متعین کر دی ہیں۔ اس عدالتی فیصلے کی روشنی میں حکومت اور سڑکوں پر احتجاج کرنے والی سیاسی جماعتوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ آئین و قانون اور عدالتی احکام کی مکمل پاسداری کریں۔ بے شک احتجاج جمہوری حق ہے مگر اس حق کے استعمال سے دوسرے شہریوں کے بنیادی حقوق، کاروبار، روزمرہ زندگی اور ملکی معیشت متاثر نہیں ہونی چاہئیں۔ امن و امان برقرار رکھنا بہرصورت حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے تاہم اس کے ساتھ عوام کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ بھی حکومت ہی کی ذمہ داری ہے۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی منڈی کے علاوہ ملک کے اندر بے یقینی اور سیاسی کشیدگی کے اثرات پڑنے کی حکومتی وضاحت اپنی جگہ، مگر پٹرول کی قلت کی صورت میں اس کی قیمت ایک ہزار روپے فی لٹر تک پہنچنے کا عندیہ عوام میں مزید اضطراب پیدا کر سکتا ہے۔

ملاقاتیں باغوں میں

اکرم چوہدری

لاہور اور ادب کا تعلق دیکھئے اس شہر نے لفظوں کو صرف چھاپا نہیں، جیا ہے یہاں شاعروں نے خواب دیکھے، افسانہ نگاروں نے معاشرے کے پردے اٹھائے، صحافیوں نے حکومتوں سے سوال کیے، فنکاروں نے اسٹیج آباد کیے اور موسیقاروں نے ایسی دھنیں پیدا کیں جو سرحدوں سے بڑی ہو گئیں پاک ٹی ہاؤس جیسی جگہوں کی اصل اہمیت میز اور کرسی میں نہیں تھی اصل چیز گفتگو تھی کوئی شعر سنا رہا ہے کوئی افسانے پر بحث کر رہا ہے کوئی انقلاب لانے نکلا ہوا ہے اور ایک صاحب صرف چائے پی رہے ہیں مگر رائے ہر موضوع پر رکھتے ہیں

یہ بھی لاہور ہے یہاں اردو اور پنجابی ایک دوسرے سے گلے ملتی ہیں ایک ہی گفتگو میں آدمی اردو سے پنجابی اور پنجابی سے اردو میں یوں آتا جاتا ہے جیسے اپنے گھر کے ایک کمرے سے دوسرے میں جا رہا ہو اور محبت کے معاملے میں؟ اس شہر کے بارے میں جانے کتنی محبتیں لکھی گئی ہوں گی کتنی کہانیاں کالجوں کے دروازوں سے شروع ہوئیں کتنے خط کتابوں میں چھپائے گئے کتنے انتظار مال روڈ پر ہوئے کتنی ملاقاتیں باغوں میں، کتنے رشتے خاندانوں نے جوڑے، کتنی محبتیں زمانے نے توڑ دیں اور کتنی ایسی ہوں گی جن کے

دو کردار آج سفید بالوں کے ساتھ کہیں بیٹھے اپنے پوتے پوتیوں کو لاہور کی کہانیاں سناتے ہوں، مگر اپنی اصل کہانی نہ سناتے ہوں۔

لاہور شاید اس لیے بھی رومانوی ہے کہ یہاں ماضی کبھی مکمل طور پر گزرتا نہیں، وہ کسی پرانی عمارت، کسی درخت، کسی گلی، کسی کالج، کسی دکان یا کسی خوشبو میں چھپا رہتا ہے آپ برسوں بعد کسی جگہ سے گزریں اور اچانک بیس سال پرانا لاہور سامنے کھڑا ہو جائے یہ شہر یادوں کے معاملے میں بڑا بے رحم ہے جو یاد دلانا چاہے، پوری شدت سے یاد دلاتا ہے مگر لاہور کی تعریف کرتے ہوئے اس کی تکلیف چھپا دینا بھی محبت نہیں ہوگی ہمارا لاہور زخمی بھی ہوا ہے درخت کٹے، باغ سکڑے، ٹریفک بڑھی، دھواں اس کی سردیوں پر چھا گیا بہت سی تاریخی عمارتیں ہماری بے حسی کا بوجھ اٹھاتی رہیں پرانی گلیوں کی تہذیب کو تجارتی ہنگامے نے جگہ جگہ پیچھے دھکیلا ہم نے ترقی ضرور کی، مگر کبھی کبھی ترقی کی جلدی میں یہ پوچھنا بھول گئے کہ کہیں ہم اپنے شہر کی روح تو پیچھے نہیں چھوڑ رہے؟ میری نظر میں لاہور سے محبت کا امتحان اب یہی ہے لہور لہور اے کہنا آسان ہے، لاہور کو لاہور رہنے دینا مشکل، اگر ہم واقعی اس شہر سے محبت کرتے ہیں تو اس کے درخت بچانے ہوں گے اس کی ہوا صاف کرنی ہوگی اس کے ورثے کو محض سیاحتی تصویر نہیں بلکہ اپنی شناخت سمجھنا ہوگا پنجابی زبان کو احساسِ کمتری سے نکال کر محبت سے بولنا ہوگا اپنی پرانی وضع داری، پڑوسی داری اور مہمان نوازی کو جدید زندگی کی نذر ہونے سے بچانا ہوگا کیونکہ عمارتیں محفوظ کر کے بھی تہذیب کھوئی جا سکتی ہے۔

تہذیب انسانوں کے رویوں میں زندہ رہتی ہے میرے نزدیک لاہور کی سب سے قیمتی روایت یہی ہے کہ اس شہر میں انسان کے لیے جگہ رہی ہے نئے آنے والے کے لیے بھی، پردیسی کے لیے بھی، طالب علم کے لیے بھی، فنکار کے لیے بھی، مزدور کے لیے بھی، خواب دیکھنے والے کے لیے بھی۔ لاہور نے ہمیشہ لوگوں کو اپنے اندر سمویا اور پھر بڑی معصومیت سے انہیں لاہوری قرار دے دیا شاید اسی لیے لاہور میں پیدا ہونا ضروری نہیں، لاہور سے محبت ہو جانا کافی ہے

آج جب زندگی مہنگی ہے، خبریں خوفناک ہیں، لوگ تھکے ہوئے ہیں اور ہر شخص اپنے حصے کی کوئی نہ کوئی پریشانی اٹھائے پھر رہا ہے، مجھے لگتا ہے ہمیں اپنے شہروں سے دوبارہ محبت کرنا سیکھنا چاہیے کبھی کسی پرانے دوست کو بلاوجہ فون کریں کسی بزرگ کے پاس بیٹھ کر پرانے لاہور کی کہانی سنیں کسی شام موبائل جیب میں ڈال کر شہر کی کسی پرانی سڑک پر چلیں، گھر آئے مہمان کو جلدی رخصت کرنے کے بجائے ایک کپ چائے اور پلا دیں پڑوسی کے دروازے پر دستک دے دیں، اپنے بچوں کو صرف لاہور کی بڑی عمارتیں نہ دکھائیں، انہیں لاہور کی وضع داری بھی سکھائیں انہیں بتائیں کہ ہمارے ہاں مہمان دروازے پر آئے تو چہرہ کھل جاتا تھا دسترخوان چھوٹا ہوتا تو دل بڑا کیا جاتا تھا اور تعلق میں حساب کتاب نہیں رکھا جاتا تھا۔

شہر اسی طرح نسلوں تک زندہ رہتے ہیں ورنہ سڑکیں چوڑی ہوتی جاتی ہیں اور دل تنگ، عمارتیں اونچی ہوتی جاتی ہیں اور تعلق چھوٹے، لاہور کو اس انجام سے بچانا ہے کیونکہ ہمیں صرف ایک ترقی یافتہ لاہور نہیں چاہیے ہمیں دل والا لاہور بھی چاہیے وہ لاہور جو کسی اجنبی کو راستہ بتاتے ہوئے اپنا سمجھ لے، جو مہمان کے سامنے گھر کا بہترین کھانا رکھ دے، جو دکھ میں کندھا دے، خوشی میں ڈھول بجائے، محفل میں شعر سنائے، بحث میں آواز اونچی کر دے مگر جاتے ہوئے گلے بھی لگا لے اور رات گئے دوست کو رخصت کرتے ہوئے ایک بار ضرور کہے چائے ہور نہیں پینی؟

دنیا میں خوبصورت شہر بہت ہیں کسی کے پاس سمندر ہے، کسی کے پاس پہاڑ، کسی کے پاس فلک بوس عمارتیں، لاہور کے پاس بھی عمارتیں ہیں، باغ ہیں، تاریخ ہے، کھانے ہیں، مگر لاہور کی سب سے بڑی دولت شاید ان میں سے کوئی نہیں، لاہور کے پاس دل ہے اور جس شہر کے پاس دل ہو، اسے صرف دیکھا نہیں جاتا اس سے تعلق بن جاتا ہے اسی لیے مشہور بات ہے جنے لہور نئیں ویکھیا، اوجمیا ای نئیں، مگر میں اس میں اپنی طرف سے ایک سطر شامل کرنا چاہوں گا لاہور دیکھ لینے سے بات مکمل نہیں ہوتی، لاہور کو سمجھنے کے لیے کسی لاہوری کے ساتھ بیٹھنا پڑتا ہے، اس کے ساتھ ہنسنا پڑتا ہے، اس کے دسترخوان پر کھانا پڑتا ہے اور اس شہر کی کسی پرانی گلی میں اپنی کوئی یاد چھوڑنی پڑتی ہے تب معلوم ہوتا ہے کہ لاہور آخر لاہور کیوں ہے اور تب شاید آپ بھی یہی کہیں عشق اگر انسان ہوتا تو شاید اس کا دل لاہوری ہوتا، اور عشق اگر شہر ہوتا تو لاہور ہوتا۔

ہم اپنا گھر کیسے بچائیں؟

چوہدری اکرم

دنیا کے حالات دیکھیں تو یوں لگتا ہے جیسے ہر طرف کسی نہ کسی نے ماچس کی ڈبیا اٹھا رکھی ہے کہیں میزائل چل رہے ہیں، کہیں ڈرون اڑ رہے ہیں، کہیں تیل کے جہاز راستہ بدل رہے ہیں، کہیں بڑی طاقتیں ایک دوسرے کو دھمکیاں دے رہی ہیں ہر ملک اپنی طاقت دکھانے میں مصروف ہے اور عام آدمی خاموشی سے سوچ رہا ہے کہ بھائی، اس سارے جھگڑے میں میرا قصور کیا ہے؟

پاکستانی کا مسئلہ تو اور بھی سادہ ہے اسے نہ کسی سمندر پر قبضہ کرنا ہے، نہ کسی ملک کی حکومت بدلنی ہے، نہ دنیا کی قیادت سنبھالنی ہے۔ اسے صبح دفتر پہنچنا ہے، بچوں کی فیس دینی ہے، بجلی کا بل جمع کرانا ہے، موٹر سائیکل میں پٹرول ڈلوانا ہے اور رات کو گھر آتے ہوئے سبزی بھی خریدنی ہے لیکن دنیا کا ہر بڑا جھگڑا آخرکار اس کے دروازے پر دستک دے دیتا ہے، کبھی پٹرول کی قیمت بن کر، کبھی مہنگی بجلی بن کر، کبھی ڈالر بن کر اور کبھی آٹے، دال اور دوائی کی قیمت بن کر۔

اس لیے آج اصل سوال یہ نہیں کہ دنیا میں کون جیت رہا ہے اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان اپنے لوگوں کو کیسے بچائے؟ سب سے پہلے ہمیں یہ پرانی عادت چھوڑنی ہوگی کہ مصیبت دروازے پر پہنچے تو اجلاس بلاؤ۔ گھر چلانے والی ایک عام عورت بھی حکومت سے زیادہ منصوبہ بندی کرتی ہے۔ اسے معلوم ہو کہ اگلے مہینے آمدنی کم ہونے والی ہے تو وہ آج سے خرچ سنبھالنا شروع کر دیتی ہے شادی آگے ہو تو پیسے پہلے جمع کرتی ہے گندم سستی مل رہی ہو تو کچھ زیادہ رکھ لیتی ہے۔

ملک بھی آخر ایک بڑا گھر ہی ہوتا ہے دنیا میں تیل کی رسد خطرے میں ہو تو ہمیں اس وقت سوچنا چاہیے جب پٹرول پمپوں پر قطاریں نہیں لگی ہوتیں متبادل راستے، اضافی ذخائر اور دوست ملکوں سے پیشگی انتظام اسی وقت کام آتے ہیں جب مشکل آنے سے پہلے کیے جائیں دوسری بات یہ کہ ہر بحران کا بل عوام کو پکڑا دینا آسان ترین حل ہے تیل مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو، ڈالر مہنگا ہوا، قیمت بڑھا دو۔ بجلی کا خرچ بڑھا، بل بڑھا دو۔ یوں تو محلے کی دکان بھی چل سکتی ہے، ملک نہیں۔

حکومت کا اصل امتحان ہی یہ ہوتا ہے کہ باہر سے آنے والے جھٹکے کا کتنا حصہ وہ اپنی بہتر حکمتِ عملی سے برداشت کرتی ہے اور کتنا عوام تک پہنچنے دیتی ہے اور اگر قربانی ضروری ہو تو پھر قربانی بھی سب کی ہونی چاہیے یہ عجیب حساب ہے کہ مشکل وقت آئے تو موٹر سائیکل والے سے کہا جائے پٹرول بچاؤ، پنکھا چلانے والے سے کہا جائے بجلی بچاؤ، دال خریدنے والے سے کہا جائے صبر کرو لیکن سرکاری شان و شوکت ویسی ہی رہے۔

قومی قربانی کا مطلب یہ نہیں کہ غریب اپنی روٹی آدھی کر دے قومی قربانی کا مطلب ہے کہ سب سے پہلے ریاست اپنا خرچ دیکھے تیسری ضرورت سفارت کاری ہے پاکستان کی سب سے بڑی طاقت میزائل نہیں، اس کی جغرافیائی حیثیت اور اس کے تعلقات ہیں ہمارے تعلقات عرب دنیا سے بھی ہیں، ایران سے بھی، چین سے بھی، امریکہ اور مغرب سے بھی۔

ایسے وقت میں سمجھدار ملک جنگ میں فریق بننے سے پہلے سو مرتبہ سوچتا ہے، لیکن امن میں فریق بننے کا موقع کبھی نہیں چھوڑتا ہمیں کسی کے مورچے میں کھڑے ہونے سے زیادہ میز کے درمیان بیٹھنے کی کوشش کرنی چاہیے کیونکہ جنگ میں بہادری صرف گولی چلانے کا نام نہیں کبھی کبھی سب سے بڑی بہادری گولی رکوانا ہوتی ہے چوتھی اور شاید سب سے اہم بات یہ ہے کہ پاکستان کو اپنی توانائی کی غلامی کم کرنا ہوگی ہم کب تک دنیا کے کسی سمندر میں کشتی رکنے پر اپنے پٹرول پمپ کی قیمت بدلتے رہیں گے؟

ہمارے پاس سورج ہے، ہوا ہے، پانی ہے، کوئلہ ہے، زراعت ہے اور کروڑوں ذہین نوجوان ہیں۔ لیکن ہم نے برسوں سے اپنی توانائی کی تقدیر دوسروں کے تیل کے کنوؤں سے باندھ رکھی ہے گھر میں سورج مفت چمک رہا ہو اور ہم روشنی کے لیے ادھار کا تیل خریدتے رہیں تو غلطی سورج کی نہیں ہوتی اور آخر میں ایک بات عوام سے بھی۔

ہم اکثر سمجھتے ہیں کہ ملک صرف حکومت چلاتی ہے ایسا نہیں ملک دکاندار بھی چلاتا ہے، استاد بھی، مزدور بھی، صنعت کار بھی، صحافی بھی اور وہ شہری بھی جو مشکل وقت میں ناجائز منافع کمانے کے بجائے دوسرے شہری کا خیال رکھتا ہے۔ بحران میں ذخیرہ اندوزی بھی ملک دشمنی کی ایک شکل ہے مصیبت میں قیمت دوگنی کر دینا کاروباری ذہانت نہیں، بے حسی ہے۔

پاکستان پہلے بھی مشکل وقت دیکھ چکا ہے

تاریخ مٹانے کی منظم مہم

جاوید اقبال

بھارت کی میزبانی میں منعقد کیے گئے برکس اجلاس کا اعلامیہ جاری کیا گیا جس میں فلسطینی مسلمانوں کی جبری بے دخلی کو مسترد کیا گیا اور مسئلہ فلسطین کے لیے دو ریاستی حل کی بات کی گئی جو کہ خوش آئند ہے لیکن بھارت کی منافقت اس بات سے عیاں ہے کہ خود بھارت مسئلہ فلسطین اور کشمیر کے حوالے سے منظور کردہ عالمی قراردادوں کی راہ میں رکاوٹ ہے بھارت اور اسرائیل کا گٹھ جوڑ کسی سے بھی پوشیدہ نہیں۔ مسلمان چاہے فلسطین میں ہو انڈیا یا کشمیر میں اس وقت بدترین بربریت کا شکار ہے انسانی حقوق کی بدترین پامالی کے مرتکب نریندر مودی کسی جواب دہی سے مستثنیٰ دنیا کو عالمی قوانین کی پاسداری کا درس دیتے نظر آ رہے ہیں جو کہ قیامت کی نشانی ہے دنیا میں بسنے والے غریب اور مظلوم قوموں کے لیے زیادہ تشویش کی بات یہ ہے کہ عالمی انسانی حقوق کے ادارے اس وقت غیر فعال ہو چکے ہیں ان کے پاس کردہ قراردادیں اور اعلامیوں کی حیثیت محض کاغذ کے ایک ٹکڑے کی مانند ہے بھارت گزشتہ کئی دہائیوں سے بالعموم اور نریندر مودی کی حکومت کے آنے کے بعد بالخصوص تمام اقلیت وبشمول مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو مٹانے کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے آیئے ذرا بھارت کے اندر اقلیتوں کے ساتھ حالت ظاہر کا مختصر جائزہ لیتے ہیں کس طریقے سے مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو ختم کرنے کی ریاستی سرپرستی میں جاری مہم کو دنیا نظر انداز کر رہی ہے ہندوستان کے 20 کروڑ مسلمان آج اپنی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو بچانے کی جنگ لڑ رہے ہیں۔ 1992 میں بابری مسجد کے انہدام کے بعد جو بیج بویا گیا تھا، وہ اب حکومتی سرپرستی میں ایک مکمل درخت بن چکا ہے۔ "تجاوزات" اور "ترقی" کے نام پر مساجد، مزارات، مدارس اور عیدگاہیں گرائی جا رہی ہیں۔ اعداد چیخ چیخ کر بول رہے ہیں 1992 سے اب تک 861 مسلم مذہبی مقامات کو نشانہ بنایا گیا۔ اس فہرست میں 57 مساجد، 563 مزارات، 6 درگاہیں، 226 مدارس، 6 عیدگاہیں، 1 قبرستان اور 2 مینار شامل ہیں صرف اتراکھنڈ میں ہی 538 سے 572 مزارات کو مسمار کر دیا گیا۔ اور یہ ماضی کی بات نہیں۔ یہ آج بھی ہو رہا ہے۔ 5 ستمبر 2026 کو اتر پردیش کے ضلع سہارنپور میں 150 سال پرانی مسجد کو شہید کر دیا گیا۔ ہائی کورٹ کا فیصلہ آتے ہی انتظامیہ نے اتنی جلدی بلڈوزر چلا دیے کہ مسلمانوں کو سپریم کورٹ جانے کا وقت ہی نہ ملا۔ یہ "آپریشن" نہیں تھا۔ یہ اسی طویل سلسلے کی ایک اور کڑی تھی۔ اتر پردیش: یوگی حکومت نے 2025 میں تقریباً 30 مساجد گرائیں۔ 2026 میں وارانسی اور اٹاوہ کی عمارتیں بھی نشانہ بنیں۔ دہلی: 600-700 سال پرانی اخوندجی مسجد 30 جنوری 2024، درگاہ پنج پیران 6 مئی 2026 -ہریانہ: مسجد چوک 29 مئی 2026 مہاراشٹر 5، گجرات 4، راجستھان 5، مدھیہ پردیش کے اجین میں 3، آسام میں درجنوں مقامات -سب سے بھیانک: جون 2026 کے 45 دنوں میں 23 مذہبی مقامات گرا دیے گئے۔ وقف ترمیمی ایکٹ 2025 کے بعد 8.72 لاکھ وقف جائیدادیں جن کی مالیت 1.2 لاکھ کروڑ روپے ہے، ان کے فیصلے اب ضلعی کلکٹروں کے ہاتھ میں ہیں۔ یعنی مسلم کمیونٹی اپنے اسکولوں، قبرستانوں اور فلاحی اداروں کی زمین پر خود فیصلہ نہیں کر سکتی۔ ناقدین کہتے ہیں یہ قانون وقف کو کمزور کر کے اسے سرکار کے حوالے کرنے کی تیاری ہے۔ ہندوستان کی 14.2% آبادی مسلمان ہے۔

لیکن: اذان پر پابندی، مدارس پر شک، عبادت گاہیں بند مسلم خواتین کی لیبر فورس میں شرکت صرف 38.2% لوک سبھا میں آبادی کے حساب سے 77 نشستیں بنتی ہیں ملیں صرف 24۔ 2024 میں نفرت انگیز تقریروں کے 1165 واقعات ہوئے، 98.5% کا نشانہ مسلمان تھے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اقوام متحدہ جیسے عالمی ادارے جن کا بنیادی کام انصاف، مذہبی ازادی، اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ہے غیر جانبدارانہ پالیسی پر عمل پیرا ہوں گے، طاقتور اور کمزور کے لیے دوہرا معیار ترک نہیں کریں گے تب تک بھارت اور اسرائیل بلاخوف وخطر انسانی حقوق کی پامالی جاری رکھیں گے اقوام متحدہ اور مغربی ممالک کو تعصب کی عینک اتار کر انسانی اور مذہبی ازادی جس کا اپنے ملک میں وہ نفاذ چاہتے ہیں اس کے لیے دوسرے ممالک کو اتنا ہی حقدار سمجھنا ہوگا اس پالیسی کو اپنائے بغیر مودی اور اس کے حواری اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کی مذہبی اور ثقافتی شناخت کو ختم کرنے کی منصوبے سے دستبردار نہیں ہوں گے۔

سندھ بھر سے

میرپورخاص پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے ازالے کیلئے اوپن کچہریوں کا انعقاد

اوپن کچہریوں میں ASP/UT عبدالرب شاہ اور متعلقہ SDPOs شہریوں سے براہِ راست ملاقات کریں گے

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) میرپورخاص پولیس کی جانب سے عوامی شکایات کے ازالے کے لیے اوپن کچہریوں کا انعقاد۔ تفصیلات کے مطابق میرپورخاص پولیس کی جانب سے شہریوں کے مسائل اور شکایات براہ راست سننے اور ان کے فوری ازالے کے لیے مختلف پولیس اسٹیشنز اور متعلقہ علاقوں میں اوپن کچہریوں کا شیڈول جاری کر دیا گیا ہے پولیس کے مطابق اوپن کچہریوں میں ASP/UT عبدالرب شاہ اور متعلقہ SDPOs شہریوں سے براہ راست ملاقات کریں گے، ان کی شکایات اور مسائل سنیں گے جبکہ متعلقہ افسران کو مسائل کے حل اور شکایات کے ازالے کے لیے ضروری ہدایات بھی جاری کی جائیں گی اوپن کچہریوں کا شیڈول درج ذیل ہے 24 ستمبر 2026، صبح 11 بجے پولیس اسٹیشن ڈگری 25 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن سندھڑی، تعلقہ سندھڑی اور دلبر خان مہر 26 ستمبر 2026، صبح 11 بجے پولیس اسٹیشن کھان۔ 28 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: SDPO آفس شجاع آباد، پولیس اسٹیشن تعلقہ اور میرواہ گورچانی 29 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن جھڈو، جھڈو، ٹنڈو جان محمد اور نوکوٹ 30 ستمبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن کوٹ غلام محمد، کوٹ غلام محمد اور ڈگیان یکم اکتوبر 2026، صبح 11 بجے: پولیس اسٹیشن کرہور شریف، کرہور شریف اور پھلاڈیوں میرپورخاص پولیس نے شہریوں سے اپیل کی ہے کہ وہ مقررہ تاریخ اور وقت پر اوپن کچہریوں میں شرکت کر کے اپنے مسائل اور شکایات متعلقہ پولیس افسران کے سامنے پیش کریں تاکہ ان کے ازالے کے لیے بروقت اقدامات کیے جا سکیں پولیس حکام کا کہنا ہے کہ میرپورخاص پولیس عوامی خدمت، شہریوں کے تحفظ اور ان کی شکایات کے بروقت ازالے کے لیے اپنا کردار جاری رکھے گی۔

ڈویژنل کمشنر میرپورخاص شہ میر بھٹو کی صدارت میں اجلاس

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) چیئرمین بورڈ آف گورنرز و ڈویژنل کمشنر شہمیر بھٹو کی صدارت میں کمشنر کمیٹی ہال میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق اجلاس منعقد ہوا جس میں ممبر قومی اسمبلی میر منور تالپر، ضلع کونسل چیئرمین میر انور تالپر سمیت بورڈ آف گورنر کے ممبران نے شرکت کی۔ اجلاس میں پبلک اسکول میرپورخاص کی بہتری، ترقیاتی منصوبوں اور درپیش مسائل کے حل کے متعلق تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں میر شیر محمد پبلک اسکول میرپورخاص کے فنڈز بڑھانے، پبلک اسکول میرپورخاص کی زمینیں خالی کروانے اور دیگر معاملات پر تفصیلی بحث کیا گیا۔

بھٹہ مزدوروں کا زمیندار کی زیادتیوں کے خلاف حیدرآباد پریس کلب پر احتجاج

پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ نوشہرو فیروز کی حلف برداری تقریب

نوشہرو فیروز (نامہ نگار) پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ (رجسٹرڈ) (ضلع نوشہرو فیروز) کے نومنتخب عہدیداران کی حلف وفاداری کی تقریب نوشہرو فیروز میں بلائنڈ اسکول، گورنمنٹ ڈگری کالج کے قریب منعقد ہوئی۔ تقریب میں پاکستان ایسوسی ایشن آف بلائنڈ سندھ کے صدر عبدالجبار میرانی، سندھ کے نائب صدر مظفر حسین قریشی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر و چائلڈ پروٹیکشن آفیسر فیاض علی مگسی، ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر عبداللطیف سولنگی، پاکستان پریس کلب نوشہرو فیروز کے سرپرست اعلیٰ محمد ایاز ملک، صدر راجا رئیس سولنگی، نیشنل پریس کلب کے صدر ایم ظفر مگسی سمیت صحافیوں، سماجی رہنماؤں اور دیگر معزز شخصیات نے شرکت کی۔

لیاقت یونیورسٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے وائس چانسلر نے طلبا سے خطاب کیا

نواں آباد کے قریب او جی ڈی سی ایل کے گیٹ پر مقامی افراد کا دھرنا

سانگھڑ (بیورو رپورٹ) جام نواز علی نواں آباد کے قریب قائم او جی ڈی سی ایل بوبی آئل فیلڈ کے مرکزی گیٹ کے سامنے مقامی افراد نے روزگار کے مواقع اور بنیادی سہولیات کی عدم فراہمی کے خلاف احتجاجی دھرنا دے کر انتظامیہ کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ احتجاجی مظاہرین کی قیادت عرفان لسکانی اور دیگر مقامی رہنماؤں نے کی۔ اس موقع پر احتجاجی رہنماؤں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے الزام عائد کیا کہ بوبی آئل فیلڈ انتظامیہ مقامی افراد کو روزگار کی فراہمی میں مسلسل نظر انداز کر رہی ہے، جبکہ پنجاب سمیت دیگر علاقوں سے آنے والے غیر مقامی افراد کو ملازمتوں میں ترجیح دی جا رہی ہے۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ آئل فیلڈ کے گرد و نواح میں موجود متعدد دیہات بنیادی سہولیات سے محروم ہیں۔ مقامی آبادی کو صحت، تعلیم، سڑکوں اور دیگر ضروری سہولیات کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات نہیں کیے جا رہے۔ احتجاجی رہنماؤں نے مزید الزام عائد کیا کہ سال میں صرف ایک آدھ مرتبہ آنکھوں کا کیمپ لگانے اور ایک خستہ حال اسکول بس فراہم کرنے کے علاوہ مقامی علاقے کی ترقی کے لیے خاطر خواہ اقدامات نظر نہیں آتے، جبکہ دیگر ترقیاتی فنڈز کے استعمال کے حوالے سے بھی مقامی لوگوں میں تحفظات پائے جاتے ہیں۔ مظاہرین کے مطابق بوبی آئل فیلڈ کے اطراف میں حالیہ عرصے کے دوران دو نئے ویلز کی دریافت بھی ہوئی ہے، اس لیے مقامی آبادی کا مطالبہ ہے کہ انہیں روزگار کے مواقع کے ساتھ ساتھ بنیادی سہولیات بھی فراہم کی جائیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ مقامی نوجوانوں کو ترجیحی بنیادوں پر روزگار فراہم کیا جائے۔

سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا

میرپورخاص (بیورو رپورٹ) سرسبز جناح پارک ویرانی کی تصویر بن گیا؟ سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے مبینہ غفلت اور کرپشن پر سنگین سوالات کھڑے کر دیئے۔ میرپورخاص جناح پارک (نظیر حسین پارک) جسے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کے نام سے منسوب کرنے کے بعد جناح پارک کہا جاتا ہے، اس وقت انتہائی خستہ حالی کا شکار دکھائی دیتا ہے۔ پارک کی موجودہ صورتحال پر سابق کونسلر عاشق علی ٹیلگر راجپوت نے میڈیا سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے دعویٰ کیا کہ جو پارک کبھی سرسبز، شاداب اور شہریوں کی تفریح کا بہترین مرکز تھا، وہ آج مبینہ غفلت اور کرپشن کی نذر ہو چکا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر بروقت توجہ نہیں دی گئی تو یہ تاریخی عوامی مقام مکمل طور پر اپنی شناخت کھو بیٹھے گا۔

کاشف سعید شیخ کی اپیل پر احتجاجی مظاہرے کئے گئے

میرپورخاص (بیورو چیف) امیر جماعت اسلامی صوبہ سندھ کاشف سعید شیخ کی اپیل پر میرپورخاص میں ظالمانہ بجلی ٹیکسز، لوڈ شیڈنگ اور پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں عالمی ردوبدل کے مطابق قیمتیں کم نہ کرنے کے خلاف بھرپور احتجاجی مظاہرے۔ احتجاجی مظاہروں سے جماعت اسلامی کے مقامی ذمہ داران اور یوسی عہدے داروں کا خطاب۔ امیر جماعت اسلامی میرپورخاص شکیل احمد فہیم نے اہلیان میرپورخاص سے اپیل کی۔

انٹرنیشنل پیس کانفرنس: سندھ کی کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اجلاس طلب

جیکب آباد (بیورو رپورٹ) جمعیت علما اسلام سندھ کے ڈپٹی سیکریٹری جنرل مولانا محمد صالح انڈہڑ نے کہا ہے کہ انٹرنیشنل پیس کانفرنس کو کامیاب بنانے کے لیے جے یو آئی سندھ کی تمام کمیٹیوں کے ذمہ داران کا اہم اجلاس 13 ستمبر بروز اتوار، دوپہر 12 بجے، مرکز باب الاسلام، سکھر میں منعقد ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں انٹرنیشنل پیس کانفرنس کی تیاریوں، انتظامی امور، مختلف کمیٹیوں کی کارکردگی اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن عالم اجتماع ایک اہم عالمی پیغام کے طور پر منعقد کیا جا رہا ہے، جس کا بنیادی مقصد دنیا بھر میں امن، بھائی چارے، انسانی اقدار اور باہمی احترام کے فروغ کے لیے مؤثر آواز بلند کرنا ہے۔ جے یو آئی سندھ کے پریس سیکریٹری ڈاکٹر اے جی انصاری نے کہا کہ کانفرنس کو تاریخی اور کامیاب بنانے کے لیے تمام شعبوں کے درمیان مربوط رابطہ اور باہمی ہم آہنگی بھی تعاون ضروری ہے۔

شہرِ قائد

میٹروپولیٹن کارپوریشن کراچی نے شاہ فیصل کالونی گیٹ کے علاقے میں صفائی مہم کی ہدایت دی

حاجی نواز علی بروہی کی نگرانی میں ترقیاتی سرگرمیاں

نیا ناظم آباد سے منگھوپیر تھانے تک مرکزی شاہراہ کو موٹرایبل بنانے کے جاری کام کا معائنہ کیا

کراچی (اسٹاف رپورٹر) ٹاؤن میونسپل کارپوریشن منگھوپیر کے چیئرمین حاجی نواز علی بروہی کی زیرِ نگرانی منگھوپیر ٹاؤن میں شہریوں کو بہتر بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اہم شاہراہوں کی بہتری کے لیے ترقیاتی سرگرمیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں نیا ناظم آباد سے منگھوپیر تھانے تک مرکزی شاہراہ کو موٹرایبل بنانے کے جاری کام کا ٹاؤن چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر پہنچ کر خود معائنہ کیا اور کام کی پیش رفت، رفتار اور معیار کا تفصیلی جائزہ لیا۔ حاجی نواز علی بروہی نے موقع پر جاری ترقیاتی کام کے مختلف مراحل کا جائزہ لیا اور متعلقہ ذمہ داران سے کام کی پیش رفت اور موجودہ صورتحال کے بارے میں تفصیلات معلوم کیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ سڑک کو موٹرایبل بنانے کے کام میں معیار اور پائیداری کو ہر صورت مقدم رکھا جائے اور تعمیراتی عمل کے دوران کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی نہ ہونے دی جائے، تاکہ شہریوں کو بہتر اور دیرپا سفری سہولت میسر آ سکے۔ معائنے کے دوران چیئرمین حاجی نواز علی بروہی نے وہاں موجود شہریوں سے بھی براہ راست ملاقات کی۔ انہوں نے شہریوں سے علاقے میں آمدورفت کی صورتحال، درپیش مشکلات اور دیگر بنیادی مسائل کے بارے میں دریافت کیا۔ اس موقع پر انہوں نے شہریوں سے جاری ترقیاتی کام کے حوالے سے ان کی رائے بھی معلوم کی اور پوچھا کہ سڑک کے کام کی رفتار اور معیار انہیں کیسا محسوس ہو رہا ہے، جبکہ کام کے دوران کسی قسم کی دشواری یا شکایت کی صورت میں بھی آگاہ کرنے کی ہدایت کی۔ حاجی نواز علی بروہی نے شہریوں کی جانب سے پیش کیے جانے والے مسائل، شکایات اور تجاویز کو توجہ سے سنا اور متعلقہ ذمہ داران کو ضروری ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے ضروری ہے کہ شہریوں سے براہ راست رابطہ رکھا جائے اور ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے ان کی رائے کو بھی اہمیت دی جائے، کیونکہ کسی بھی ترقیاتی کام کا بنیادی مقصد عوام کو عملی اور دیرپا سہولت فراہم کرنا ہے۔

کراچی کے 74 اسکولوں میں ہاکی کٹس تقسیم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان ہاکی فیڈریشن نے گراس روٹ لیول پر ہاکی کے فروغ کیلئے کراچی ڈویژن کے 74 اسکولوں کے طلبہ و طالبات میں ہاکی کٹس کی تقسیم شروع کر دی۔ این جے وی اسکول میں منعقدہ تقریب میں کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر محی الدین وانی کے ہمراہ اسکول کے طلبہ میں ہاکی کٹس تقسیم کیں۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کمشنر کراچی سید حسن نقوی نے کہا کہ حکومت ہاکی کے وقار کی بحالی کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، اسکولوں کی سطح پر بچوں کو ہاکی سیکھنے کے مواقع فراہم کرنا پی ایچ ایف کی درست سمت میں اہم کوشش ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہاکی کٹس کی فراہمی سے بچوں میں کھیل کا شوق اجاگر ہوگا اور ملک میں قومی کھیل کے فروغ میں مدد ملے گی، ان اقدامات کے ذریعے مستقبل میں ماضی کی طرح بہترین کھلاڑی سامنے آنے کی امید ہے۔ صدر پاکستان ہاکی فیڈریشن محی الدین وانی نے بتایا کہ ہر اسکول کی ٹیم کیلئے 8 ہاکی کٹس فراہم کی جا رہی ہیں جبکہ مجموعی طور پر کراچی ڈویژن کے 74 اسکولوں کو کٹس دی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ہاکی فیڈریشن ملک بھر میں بچوں کو مجموعی طور پر 1600 ہاکی کٹس فراہم کرے گی۔ محی الدین وانی نے کہا کہ پاکستان میں ہاکی کا بڑا ٹیلنٹ موجود ہے، اسکولوں کی سطح پر کھیل کو فروغ دینے سے مستقبل میں قومی ٹیم کیلئے بہترین کھلاڑی سامنے آئیں گے۔ تقریب میں ڈپٹی کمشنر جنوبی جاوید نبی کھوسو، این جے وی اسکول کی پرنسپل رخسانہ منگی، سابق اولمپئن سمیع اللہ، وسیم فیروز، حسن سردار، ناصر علی، گلفراز خان، ایاز محمود اور دیگر نامور ہاکی کھلاڑی بھی موجود تھے۔ بعدازاں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کمشنر کراچی نے کہا کہ وائی ایم سی اے گراؤنڈ میں ہاکی کی سرگرمیاں جلد بحال کی جائیں گی۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کے تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے اپنے اضلاع میں کھیلوں کی سرگرمیوں کی بحالی کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، مختلف کھیلوں کے ویران میدان بحال کیے گئے ہیں جبکہ بہتر پچز اور کورٹس کی تعمیر سے کھیلوں کا معیار بلند کیا جائے گا۔ کمشنر کراچی نے کہا کہ کراچی انتظامیہ اسکول کے بچوں کی تعلیمی و جسمانی نشوونما کے ساتھ انسداد پولیو کیلئے بھی بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔

ماحولیاتی مسائل کیلئے نظام موثر بنایا جائیگا، سیکریٹری فیصل عقیلی

ماحولیاتی قوانین پر عملدرآمد کیلئے صنعتوں کو رہنمائی، مہلت اور تکنیکی معاونت دی جائے، صدر کاٹی محمد اکرام راجپوت

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سیکریٹری ماحولیات، موسمیاتی تبدیلی و ساحلی ترقی سندھ فیصل احمد عقیلی نے کہا ہے کہ ماحولیاتی مسائل کو جڑ سے حل کرنے کیلئے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے گا، صنعتکاروں کو ہر ممکن سہولت اور تعاون فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہیں، سیپا اور صنعتی شعبے کے درمیان رابطہ بہتر بنانے کیلئے مؤثر اقدامات کیے جا رہے ہیں، شکایات کے ازالے کیلئے فوکل پرسن مقرر کر دیا گیا ہے جبکہ کاٹی کے ساتھ رابطے کیلئے خصوصی واٹس ایپ گروپ بھی قائم کیا جائے گا۔ ماحولیاتی منصوبوں کو پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مقررہ مدت میں مکمل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں صنعتکاروں سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں کاٹی کے صدر محمد اکرام راجپوت، ڈپٹی پیٹرن ان چیف زبیر چھایا، سینئر نائب صدر زاہد حمید، نائب صدر سید محمد طلحہ علی، قائمہ کمیٹی کے چیئرمین سلیم الزماں، سندھ انوائرمنٹل پروٹیکشن ایجنسی (سیپا) کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر عاشق علی لانگا، ریجنل ڈائریکٹر ایم عمران صابر، ڈپٹی ڈائریکٹر صدا بخش، ڈائریکٹر وارث علی گبول اور کراچی سینٹر فار کلائمیٹ چینج کی فریال دیوان سمیت دیگر صنعتکار اور ممبران بھی موجود تھے۔ فیصل احمد عقیلی نے مزید کہا کہ سیپا کے ڈپٹی ڈائریکٹر کو فوکل پرسن مقرر کیا گیا ہے جو شکایات پر کارروائی کے ساتھ شکایت کنندگان کو ان کی درخواستوں کی صورتحال اور پیش رفت سے آگاہ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ شکایات کیلئے واٹس ایپ گروپ پہلے ہی قائم کیا جا چکا ہے جبکہ کاٹی کے ساتھ بہتر رابطے اور سہولت کیلئے علیحدہ واٹس ایپ گروپ بھی بنایا جائے گا۔ سیکریٹری ماحولیات نے بتایا کہ محکمہ کو 6 منصوبے موصول ہوئے ہیں جنہیں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ (پی پی پی) کے تحت آگے بڑھایا جائے گا۔ بہتر رابطہ کاری اور منصوبوں پر عملدرآمد کیلئے ورکشاپس اور سیمینارز بھی منعقد کیے جائیں گے۔ جس میں سیپا اور کاٹی کے دو، دو نمائندے نامزد کیے جائیں جبکہ کاربن فنانسنگ کے حوالے سے اسٹیک ہولڈرز اور عوام میں آگاہی کیلئے سیشنز منعقد کیے جائیں۔



کراچی کے باغیچے کے علاقے میں لوہار گری میں کام کرتا ہے تاکہ خاندان کی کفالت کر سکے

بقیہ نمبر 1

اطلاعات معیز پیرزادہ اور تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔شرجیل انعام میمن نے ہدایت کی کہ مین اسٹریم اور سوشل میڈیا پر جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے فیک نیوز کی روزانہ کی بنیاد پر مانیٹرنگ کی جائے اور جھوٹی و گمراہ کن اطلاعات کی بروقت نشاندہی، تصدیق اور تدارک کیلئے مؤثر نظام وضع کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی۔فیک نیوز بنانے اور پھیلانے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کیلئے این سی سی آئی اے سے معاونت حاصل کی جائے۔سینئر وزیر نے محکمہ اطلاعات اور این سی سی آئی اے کے درمیان تعاون مزید بڑھانے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ فیک نیوز کی روک تھام کیلئے تمام دستیاب ذرائع اور جدید ٹیکنالوجی سے استفادہ کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ سندھ حکومت کا بیانیہ امن، رواداری، بین الصوبائی ہم آہنگی اور قومی اتحاد پر مبنی ہے، اسے مزید مؤثر اور مضبوط بنانے کیلئے اضافی اقدامات کیے جائیں۔شرجیل انعام میمن نے ہدایت کی کہ محکمہ اطلاعات سندھ حکومت کے مثبت اور تعمیری اقدامات کو اجاگر کرنے کیلئے جدید ذرائع ابلاغ سے استفادہ کرے اور تمام طبقات کے نمائندوں کو حکومت کے بیانیے کا حصہ بنایا جائے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ اطلاعات فیک نیوز کی مانیٹرنگ کے ساتھ سندھ حکومت کے مثبت بیانیے کی مؤثر ترویج پر بھی توجہ دے۔

بقیہ نمبر 2

گاڑیاں موقع پر پہنچیں، تاہم آگ کی شدت اور کچرے کی بڑی مقدار کے باعث تقریباً دو گھنٹے تک قابو نہ پایا جا سکا۔صورتحال کے پیش نظر متاثرہ شہریوں کے گھروں کو خالی کرایا گیا، جبکہ مزید نقصان سے بچنے کے لیے بعض کچے گھروں کو منہدم کرنے کی کوشش بھی کی گئی۔شدید آگ کے باعث بڑی تعداد میں شہری موقع پر جمع ہو گئے۔ایم این اے صادق علی میمن کی ہدایات پر میونسپل کمیٹی ٹھٹھہ کے سابق چیئرمین ممتاز علی میمن، جبکہ ڈپٹی کمشنر ٹھٹھہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر ٹھٹھہ فہیم شاکر اور اسسٹنٹ مختیارکار عزیز میمن بھی موقع پر پہنچ گئے۔میونسپل کمیٹی کے عملے اور ریسکیو 1122 کی رضاکار ٹیموں نے فائر بریگیڈ گاڑیوں کے ذریعے آگ بجھانے کی کارروائیاں جاری رکھیں۔دوسری جانب شہریوں نے بھی اپنی مدد آپ کے تحت آگ بجھانے کی کوششیں کیں۔آگ کی شدت کے باعث مزید واٹر ٹینکرز منگوائے گئے اور کئی گھنٹوں کی مسلسل کوششوں کے بعد بالآخر آگ پر قابو پایا گیا۔اس موقع پر متاثرہ علاقے کی معزز شخصیت حاجی خان پارہیڑی، سابق میونسپل چیئرمین ممتاز علی میمن اور دیگر نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ فائر بریگیڈ گاڑیوں کا پانی ختم ہونے کے باعث آگ پر قابو پانے میں مشکلات پیش آئیں۔انہوں نے کہا کہ شہر کی گنجان آبادی کے درمیان قدیم خونی تالاب موجود ہے، جہاں بڑی مقدار میں کچرا جمع ہے، جس کی فوری صفائی اور مناسب انتظام کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 3

برقرار رکھی۔استغاثہ کے مطابق اینٹی نارکوٹکس فورس نے 2022 میں لاشاری گوٹھ میں ملزمان کے گھر پر کارروائی کے دوران 172 کلو سے زائد چرس برآمد کر کے دونوں ملزمان کو گرفتار کیا تھا۔بعد ازاں اینٹی نارکوٹکس کورٹ نے دونوں ملزمان کو عمر قید اور 2،2 لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی تھی۔ماتحت عدالت نے 25 ستمبر 2023 کو فیصلہ سنایا تھا، جس کے خلاف ملزمان نے سندھ ہائیکورٹ سے رجوع کیا تھا۔سندھ ہائیکورٹ نے اپیلوں پر فیصلہ سناتے ہوئے ماتحت عدالت کی سزا برقرار رکھی اور دونوں اپیلیں مسترد کر دیں۔

بقیہ نمبر 4

کہ کراچی میں واقع کوریئر آفس میں خفیہ اطلاع پر کارروائی عمل میں لائی گئی، جس کے دوران آسٹریلیا بھجوائے جانے والے پارسل کی تلاشی کے دوران پارسل میں موجود لیڈیز کپڑوں میں جذب 16 کلوگرام آئس برآمد کی گئی۔اسی طرح بلوچستان کیعلاقے خانوزئی ڈسٹرکٹ پشین کے قریب گاڑی سے 45.6 کلوگرام چرس برآمد کی گئی، کلی داؤد آباد ڈسٹرکٹ چاغی کے قریب کارروائی کے دوران 30 کلوگرام افیون تحویل میں لی گئی۔ترجمان نے بتایا کہ پشاور ائیرپورٹ پر بحرین جانے والے ملزم کے بیگ سے 950 گرام آئس، چارسدہ روڈ پشاور میں پل کے قریب گاڑی سے 14.4 کلوگرام افیون اور اسپتال روڈ چارسدہ کے قریب کارروائی کے دوران 9.6 کلوگرام چرس برآمد کی گئی۔ترجمان نے بتایا کہ اسلام آباد موٹروے ٹول پلازہ بس ٹرمینل کے قریب کارروائی کے دوران 1.6 کلوگرام آئس برآمد کی گئی، کارروائیوں کا انسداد منشیات ایکٹ 1997 کے تحت مقدمات درج کر کے تحقیقات کا آغاز کر دیا گیا۔

بقیہ نمبر 5

صدر نے نیویارک میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ایران نے کسی ملک پر حملہ نہیں کیا بلکہ اپنے دفاع میں کارروائیاں کیں، امریکا جسے تباہ کرنا چاہتا ہے اس پر دہشت گردی کا الزام لگا دیتا ہے۔ان کا کہنا تھا کہ اس کیلئے کسی سے اجازت کی ضرورت نہیں، ایران خطے میں سلامتی کیلئے شراکت چاہتا ہے، ہمسایوں کو بھی مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں۔ایرانی صدر نے مزید کہا کہ ٹرمپ کی دھمکی آمیز تقریر سننے کے بعد انہوں نے جواب دینے کا فیصلہ کیا، اقوام متحدہ میں اپنی تیار تقریر سے ہٹ کر تقریر کی۔

بقیہ نمبر 6

کا کہنا تھا کہ اگر امریکا کی جانب سے بعض شرائط پوری کر دی جائیں تو آبنائے ہرمز سات دن کے اندر دوبارہ کھول دی جائے گی۔ان کا کہنا تھا کہ یہ شرائط نئی نہیں ہیں اور وہی ہیں جو اس سے قبل اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت (ایم او یو) میں اٹھائی گئی تھیں، ایران کا ماننا ہے کہ اس معاہدے پر امریکا کے وسط مدتی انتخابات سے قبل عمل درآمد ہونا بہتر ہے جبکہ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کہہ چکے ہیں کہ معاہدہ نومبر کے انتخابات کے بعد طے پا سکتا ہے۔اس کے جواب میں ایرانی وزیر خارجہ نے کہا کہ اس معاہدے کا وقت امریکا پر منحصر ہے اور اس بات کا اعادہ کیا کہ مجوزہ شرائط گزشتہ معاہدے کی شقوں سے مختلف نہیں ہیں۔علاوہ ازیں روسی وزیر خارجہ سرگئی لاوروف اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی نے نیویارک میں ملاقات کے دوران ایران کے معاملے پر بحران کے خاتمے کے لیے سفارتی حل کو واحد راستہ قرار دیا۔روسی وزارت خارجہ کے مطابق دونوں رہنماں نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے موقع پر ایران کی صورتحال سمیت علاقائی اور عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا اور کہا کہ امریکا اور اسرائیل کی کارروائیوں سے پیدا ہونے والے بحران کا کوئی فوجی متبادل نہیں بلکہ اسے سفارتی ذرائع سے حل کیا جانا چاہیے۔

بقیہ نمبر 7

اندرون سندھ اور پورے صوبے کے عوام بھگت رہے ہیں۔منعم ظفر خان نے مزید کہا کہ حالیہ دنوں میں نیپرا نے کے الیکٹرک کی اپیل پر فیصلہ دیا ہے۔کے الیکٹرک نے بنیادی ٹیرف میں اضافے کے معاملے پر پہلے سندھ ہائی کورٹ سے رجوع کیا، جس کے بعد نیپرا سے بھی رجوع کیا گیا۔2024 سے 2030 تک کے 7 سالہ ملٹی ایئر ٹیرف میں بنیادی ٹیرف 32 روپے 37 پیسے سے بڑھا کر 39 روپے 97 پیسے کر دیا گیا تھا، تاہم نیپرا کے فیصلے کے نتیجے میں اس میں 7 روپے 60 پیسے کی کمی واقع ہوئی ہے۔نیپرا کے ریکارڈ کے مطابق 23 ستمبر 2026 کو کے الیکٹرک کے ڈسٹری بیوشن ملٹی ایئر ٹیرف سے متعلق نظرثانی فیصلے کی اطلاع بھی جاری کی گئی۔۔امیر جماعت اسلامی کراچی نے کہا کہ اس وقت کراچی میں کے الیکٹرک نے مافیائی طرز اختیار کر لیا ہے، اے ٹی اینڈ سی لاسز کے نام پر 18،18 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے۔بجلی چوری کرنے والوں کو پکڑنا کے الیکٹرک کی ذمہ داری ہے، اگر کسی علاقے میں 2 یا 3 فیصد لوگ بجلی کے بل ادا نہیں کر رہے تو اس کی سزا پوری پوری آبادیوں کو کیوں دی جاتی ہے؟ منعم ظفر خان نے کہا کہ کراچی کا بڑا علاقہ اس وقت پانی سے محروم ہے، آئے روز پانی کی لائنیں پھٹ جاتی ہیں، حکومت کے فور منصوبے کو مکمل کرنے کا نام نہیں لے رہی جبکہ آگمینٹیشن کا کام کچھوے کی رفتار سے بھی کم پر جاری ہے۔کراچی کا انفراسٹرکچر تباہ حال ہے، شہری بنیادی سہولتوں سے محروم ہیں۔لاہور، ملتان اور راولپنڈی میں میٹرو بس منصوبے بالترتیب 11، 13 اور 20 ماہ میں مکمل کر لیے جاتے ہیں، لیکن کراچی آتے ہی وفاق اور صوبے کی سانسیں اکھڑنے لگتی ہیں۔2016 میں شروع ہونے والا گرین لائن منصوبہ 2022 میں نمائش تک نامکمل چھوڑ دیا گیا۔ایم اے جناح روڈ پر ترقیاتی کام کے باعث ٹریفک جام، دھول مٹی اور گڑھوں سے شہری شدید مشکلات کا شکار ہیں۔صرف 1.8 کلومیٹر کی یہ شاہراہ تقریباً ایک سال سے مکمل ہونے کا نام نہیں لے رہی۔اسی طرح گزشتہ ساڑھے پانچ سال سے بی آر ٹی ریڈ لائن منصوبہ بھی شہریوں کے لیے عذاب بنا ہوا ہے۔کراچی کے ترقیاتی منصوبوں میں تاخیر نے شہریوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا ہے۔انہوں نے کہا کہ جو آئی پی پیز ایک یونٹ بجلی بھی پیدا نہیں کر رہے، حکومت انہیں کپیسٹی پیمنٹ کے نام پر اربوں ڈالر ادا کر رہی ہے۔جماعت اسلامی نے آئی پی پیز کے عوام دشمن معاہدوں کے حوالے سے عوام کو شعور دیا اور ہماری جدوجہد کے نتیجے میں حکومت نے 5 آئی پی پیز سے معاہدے ختم اور 22 سے معاہدوں پر نظرثانی کی، جس سے قومی خزانے کو 4300 ارب روپے کا فائدہ ہوا۔انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے، گزشتہ مالی سال میں پیٹرولیم لیوی کے نام پر پاکستانی عوام سے 1567 ارب روپے وصول کیے گئے، ان لوگوں سے بھی ٹیکس لیا جارہا ہے جن کی آمدنی قابل ٹیکس نہیں، ملک میں ہر موٹر سائیکل سوار تقریباً ایک لیٹر پیٹرول پر روزانہ کم و بیش 131 روپے پیٹرولیم لیوی اور دیگر مدات میں ٹیکس حکومت کو ادا کر رہا ہے، جماعت اسلامی پیٹرولیم لیوی اور دیگر حکومتی مظالم کے خلاف اپنی تحریک جاری رکھے گی۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی نے عوام پر عائد ظالمانہ ٹیکسوں اور بجلی و پیٹرول کی قیمتوں کے خلاف ملک گیر احتجاجی تحریک شروع کی۔اس سلسلے میں 7 اگست کو پورے پاکستان میں پرامن طور پر 510 شاہراہیں بند کی گئیں، 16 اگست سے ملک کے 42 شہروں میں دھرنوں کا آغاز کیا گیا، 3 ستمبر کو ملک گیر کامیاب شٹر ڈاؤن ہڑتال کی گئی، 20 ستمبر سے کراچی سے ٹرین مارچ کا آغاز ہوا۔یہ مارچ مختلف شہروں سے ہوتا ہوا ملتان پہنچا ہے جہاں آج بھی پڑاؤ جاری ہے، پیٹرولیم لیوی بھتہ ٹیکس کے خاتمے تک جدوجہد جاری رہے گی۔پریس کانفرنس میں نائب امیر جماعت اسلامی و اپوزیشن لیڈر کے ایم سی سیف الدین ایڈووکیٹ، سکریٹری اطلاعات زاہد عسکری ہمراہ موجود تھے۔

بقیہ نمبر 8

رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے پیغام میں فواد چوہدری نے حکومت پر زور دیا کہ وہ عقل کا مظاہرہ کرتے ہوئے جائز مطالبات پر بات چیت کا آغاز کرے۔انہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی کو بنی گالا منتقل کیا جائے اور سیاسی قیدیوں کو ریلیف دیا جائے تاکہ ملک کی موجودہ صورتحال میں بہتری کا آغاز ہو سکے، کوٹ لکھپت جیل میں قید سیاسی قیادت کو مذاکراتی عمل میں شامل کیا جائے تو حالات بہتر ہونے کی توقع کی جاسکتی ہے۔سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ موجودہ سیاسی کشیدگی کم کرنے کے لیے حکومت اور اپوزیشن کے درمیان بامعنی مذاکرات ضروری ہیں۔خیال رہے ان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کے لانگ مارچ کو اکتوبر تک مؤخر کرنے کی تجاویز زیر غور ہونے کی رپورٹس سامنے آئی ہیں۔

بقیہ نمبر 9

طبی امداد کے لیے جناح اسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ دوران علاج زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے دم توڑ گیا۔پولیس کے مطابق راول کی لاش ضابطے کی کارروائی کے لیے منتقل کر دی گئی، جبکہ واقعے کی مزید تحقیقات جاری ہیں۔دوسری کارروائی میں فیروزآباد پولیس کا شہید ملت روڈ پر بل پارک کے قریب مبینہ مقابلہ ہوا، جس کے نتیجے میں ایک ملزم زخمی جبکہ 2 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان کار لفٹر ہیں، جن میں ایک کی شناخت جہانزیب کے نام سے ہوئی ہے، جبکہ ان کا ایک ساتھی کار سمیت فرار ہوگیا جس کی تلاش جاری ہے۔گلبہار پولیس نے لیاری ندی کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران ایک ملزم کو زخمی حالت میں گرفتار کرلیا۔ پچھیا حکام کے مطابق زخمی ملزم کو عباسی شہید اسپتال منتقل کیا گیا، جہاں اس کی شناخت وقار کے نام سے ہوئی۔پولیس کے مطابق وقار کے قبضے سے پستول، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد ہوئی ہے، جبکہ فرار ہونے والے ملزم کی گرفتاری کے لیے تلاش جاری ہے۔

بقیہ نمبر 10

کے انتظامات کی سختی سے پاسداری، مقبوضہ لبنانی علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد پر زور دیا۔وزیراعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے 81 ویں اجلاس کے موقع پر لبنانی وزیراعظم نواف سلام سے ملاقات کی۔دونوں رہنماں نے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیتے ہوئے پاکستان اور لبنان کے درمیان دیرینہ اور برادرانہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا۔انہوں نے مشرق وسطی اور خطے کی مجموعی صورتحال میں ہونے والی پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔وزیراعظم شہباز شریف نے لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کو دہرایا۔وزیراعظم نے فوری طور پر مخاصمت کے خاتمے، جنگ بندی کے انتظامات کی سختی سے پاسداری، مقبوضہ لبنانی علاقوں سے اسرائیلی افواج کے مکمل انخلا اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عملدرآمد پر زور دیا۔دونوں رہنماں نے اعلی سطحی روابط، تجارت و سرمایہ کاری، دفاع اور ادارہ جاتی تعاون سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔دونوں رہنماں نے اقوام متحدہ اور دیگر کثیرالجہتی فورمز پر جاری اہم باہمی تعاون کا بھی اعادہ کیا۔

بقیہ نمبر 11

لیے ایک وقت میں 5 لیٹر پٹرول ڈلوانے کی شرط ختم کر دی ہے، اوگرا کی نشاندہی پر انٹرنیٹ کی عدم دستیابی یا تکنیکی دقت کا سامنا کرنے والے پٹرول پمپس پر متبادل ایس ایم ایس بیسڈ ویریفکیشن کا باضابطہ نفاذ کر دیا گیا ہے۔یہ بات وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ اور وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے جمعہ کو اسلام آباد میں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے بتائی۔وفاقی وزیر آئی ٹی شزا فاطمہ خواجہ نے بریفنگ دیتے ہوئے کہا کہ خطے میں کشیدگی اور عالمی سطح پر پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات سے کمزور طبقات کو بچانے کیلئے وزیراعظم کی خصوصی فیول ریلیف سکیم چاروں صوبوں، اسلام آباد، آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں کامیابی سے جاری ہے۔انہوں نے بتایا کہ گزشتہ 8 روز کے دوران 47 لاکھ افراد اس سکیم سے مستفید ہو چکے ہیں جس کی لائیو جی آئی ایس اور ڈیش بورڈ کے ذریعے باقاعدہ مانیٹرنگ کی جارہی ہے جبکہ وزیراعظم ہر چار گھنٹے بعد خود رپورٹ لے رہے ہیں۔انہوں نے واضح کیا کہ عوامی آسانی کے پیش نظر موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی کے لیے اپنی ملکیت کی شرط ختم کر دی گئی ہے، اگر صارف اپنے رجسٹرڈ شناختی کارڈ اور زیر استعمال سواری کے ایکسائز رجسٹریشن نمبر کے ساتھ ون ٹائم رجسٹریشن کرلے تو وہ ہفتہ وار 500 روپے کا ٹوکن حاصل کر سکتا ہے۔علاوہ ازیں 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کیلئے ہر 10 دن بعد 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر رعایت دی جا رہی ہے۔گاڑیوں و موٹر سائیکلوں کی مدت کے حوالے سے انہوں نے بتایا کہ ڈیٹا کا غلط استعمال کو روکنے کیلئے رجسٹریشن کی حد 15 سال سے بڑھا کر 20 سال تک کے ماڈلز تک وسیع کر دی گئی ہے۔انٹرنیٹ مسائل والے پمپس کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ اوگرا کی فہرست کے مطابق تمام ایسے پمپس پر ایس ایم ایس ایپلیکیشن فراہم کر دی گئی ہے تاکہ سپلائی میں رکاوٹ نہ آئے۔اس موقع پر وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ یہ سکیم موٹر سائیکل، رکشہ، چنگ چی اور لوڈر چلانے والے محنت کشوں، طلبہ اور ملازمت پیشہ افراد کے لیے عملاً ہر ہفتے 500 روپے کا مفت پٹرول اور ماہانہ 2 ہزار روپے کا براہ راست ریلیف ہے۔انہوں نے کہا کہ فیلڈ دوروں کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ شہری صرف اپنا اصل شناختی کارڈ اور گاڑی کا رجسٹریشن کارڈ لے کر پٹرول پمپ پہنچ جائیں تو عملہ اور رضا کار موقع پر ہی چند منٹوں میں تصدیق اور ٹوکن کا عمل مکمل کر دیتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پٹرولیم لیوی میں چند روپے کی عمومی کمی کے بجائے مخصوص کم آمدنی والے طبقے کو 100 روپے فی لیٹر تک کا ٹارگٹڈ ریلیف فراہم کیا گیا ہے جو کہ فیول پر عائد تمام ٹیکسوں کے خاتمے کے برابر بنتا ہے۔

بقیہ نمبر 12

کیلئے صحت کے نتائج بہتر بنانا ہے۔تینوں ادارے خطرے کی درجہ بندی کے ماڈلز، طبی فیصلوں میں معاونت کرنے والے نظام اور آواز کے ذریعے معاونت فراہم کرنے والے آلات متعارف کرائیں گے۔معاہدے پر 2 ستمبر کو وزیر صحت و بہبود آبادی ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو کے دفتر میں محکمہ صحت کے سیکریٹری طاہر حسین، لمز کی ایسوسی ایٹ پروفیسر اور مرکز کی ڈائریکٹر ڈاکٹر مریم مصطفیٰ اور آغا خان یونیورسٹی کے میڈیکل کالج کے ڈین ڈاکٹر کریم دگی نے دستخط کیے۔گیٹس فاؤنڈیشن کی صدر برائے صنفی مساوات ڈاکٹر انیتا زیدی بھی تقریب میں موجود تھیں۔گیٹس فاؤنڈیشن کیٹر سالہ گرانٹ کے ذریعے مرکز کی معاونت کر رہی ہے۔ڈاکٹر عذرا افضل پیچوہو نے کہا کہ اقدام میں بنیادی صحت کی سہولتوں پر توجہ مرکوز ہے، وہ صحت مند بچوں کی پیدائش اور قبل از وقت پیدائش کی شرح میں کمی دیکھنا چاہتی ہیں۔انہوں نے امید ظاہر کی کہ مصنوعی ذہانت سے پیدائشی مسائل کی بروقت نشاندہی اور پیرا میڈیکل خدمات میں بہتری میں مدد ملے گی۔آغا خان یونیورسٹی کے ڈین ڈاکٹر کریم دگی نے کہا کہ مصنوعی ذہانت کو اپنانا ضروری ہے اور کوشش ہونی چاہیے کہ اسے کم لاگت اور مؤثر بنایا جائے تاکہ ماں، نوزائیدہ اور بچوں کی صحت کے شعبے میں بہتر خدمات فراہم کی جاسکیں۔مرکز کی ڈائریکٹر ڈاکٹر مریم مصطفیٰ نے کہا کہ پاکستان میں مصنوعی ذہانت کے آلات کے استعمال کے معاملے میں دیگر ممالک کے مقابلے میں بہت پیچھے ہے، جس کی ایک وجہ ایسا ڈیٹا انفراسٹرکچر نہ ہونا ہے جو ان آلات کو بڑے پیمانے پر نافذ کرنے میں مدد دے سکے۔انہوں نے کہا کہ اصل چیلنج ٹیکنالوجی تیار کرنا نہیں بلکہ اسے موجودہ نظام میں شامل کرنا اور حکومتوں کو بڑے پیمانے پر نفاذ کیلئے تیار کرنا ہے، جبکہ دور دراز علاقوں تک بھی ان آلات کی رسائی ہونی چاہیے۔معاہدے کے تحت محکمہ صحت سندھ حکمت عملی کی نگرانی، صوبائی طبی سہولتوں میں انضمام اور سرکاری شعبے میں نفاذ کرے گا، لمز ماڈلز، الگورتھم، آواز سے متعلق ٹیکنالوجی اور تکنیکی حفاظتی اقدامات کی ذمہ داری سنبھالے گا، جبکہ آغا خان یونیورسٹی طبی تحقیق، تحفظ، حقیقی دنیا میں آزمائش اور بنیادی صحت کی سہولتوں میں عملی نفاذ کی رہنمائی کرے گی۔فریقین کے مطابق مصنوعی ذہانت کے حل قومی ضابطہ جاتی معیارات، ڈیٹا کی رازداری اور اخلاقی اصولوں کے مطابق تیار کیے جائیں گے اور یہ ٹیکنالوجی طبی فیصلوں میں معاونت کرے گی، ان کی جگہ نہیں لے گی۔

بقیہ نمبر 13

کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئی، ایک سے زیادہ چیک پوسٹیں بنادی گئیں۔آئی جی آفس نے پنجاب کانسٹیبلری کے اہلکاروں کے لیے ایک ہزار روپے یومیہ خصوصی ڈیوٹی الاؤنس منظور کرنے کا مراسلہ جاری کر دیا۔دریں اثنا پاکستان تحریک انصاف کے لانگ مارچ کے پیش نظر اسلام آباد، اٹک، جہلم، چکوال اور میانوالی میں رینجرز تعینات کر دی گئی۔انتشاری اور مسلح جتھوں کے حملوں پر رینجرز اور پولیس کو مناسب اور ضروری جوابی ایکشن کے احکامات دے دیے گئے ہیں۔وفاقی دارالحکومت کے اندر ریڈ زون کے انٹری پوائنٹس پر کنٹینرز کی دیواریں کھڑی کر دی گئی، ایک سے زیادہ چیک پوسٹیں بنادی گئیں۔دوسری جانب اٹک پل پر بھی پشاور سے آنے والے راستے بند کر دیے گئے۔واضح رہے کہ گزشتہ روز اسلام آباد اور پنجاب کے مختلف اضلاع میں رینجرز کی تعیناتی کی منظوری دی گئی تھی۔

بقیہ نمبر 14

کے روابط کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔مصر کے سفیر نے کراچی اور مصر کے سب سے بڑے بندرگاہی شہر اسکندریہ کو سسٹر سٹیز بنانے کی تجویز پیش کی، جس کا گورنر سندھ نے خیر مقدم کیا۔اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ کراچی اور اسکندریہ کے درمیان سسٹر سٹی روابط سے دونوں ممالک کے عوام اور حکومتیں مزید قریب آئیں گی، جبکہ تاریخ، ثقافت اور سیاحتی مقامات کو سمجھنے کے مزید مواقع پیدا ہوں گے۔انہوں نے کہا کہ دونوں شہروں کے درمیان روابط سے تجارتی اور اقتصادی تعاون کو بھی فروغ دیا جاسکتا ہے۔طلبہ کے تبادلے کے پروگراموں اور نوجوانوں کے وفود کے تبادلے سے عوامی روابط مزید مستحکم ہوں گے۔مصری سفیر نے کہا کہ پاکستان اور مصر کے طلبا کھلاڑیوں کے وفود کے تبادلے اور کراچی میں نمائشی میچ کے انعقاد کی ہر ممکن کوشش کی جائے گی۔گورنر سندھ نے کہا کہ پاکستان اور مصر کے درمیان تجارت، سیاحت، تعلیم اور کھیلوں کے شعبوں میں تعاون کے وسیع مواقع موجود ہیں۔انہوں نے مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی۔ملاقات کے بعد مصری سفیر ڈاکٹر ایہاب عبدالحمید نے گورنر ہاؤس کی مہمانوں کی کتاب میں اپنے تاثرات بھی قلمبند کیے۔

بقیہ نمبر 15

کر ووٹ دیا کریں۔وزیر مملکت داخلہ نے کہا کہ پاکستان کی بہتری کیلئے ووٹ دیں، ووٹ کے ذریعے بہتر کام کرنے والے شخص کا انتخاب کریں۔طلال چودھری نے کہا کہ دیگر شہروں کی طرح اسلام آباد میں بھی مسائل ہیں، اسلام آباد میں بھی ٹریفک سگنلز کا ایشو ہے۔

بقیہ نمبر 16

اور ہائی اسکول اساتذہ کو 17 ویں گریڈ میں ہیڈ ماسٹر کے عہدے پر ترقی دی جائے گی۔اس سلسلے میں اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈپارٹمنٹ نے تمام ڈویژنل ڈائریکٹرز سے متعلقہ اساتذہ کے ورکنگ پیپر طلب کر لیے ہیں۔محکمہ تعلیم نے کہا کہ ڈویژنل ڈائریکٹرز کی جانب سے ورکنگ پیپر موصول ہونے کے بعد اہل اساتذہ کی فہرستوں کا جائزہ لیا جائے گا اور قواعد و ضوابط کے مطابق ترقی دینے پر غور کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 17

شدہ اور فعال دہشتگرد ان اعداد و شمار میں شامل نہیں ہیں۔سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ ہلاک افغان دہشتگردوں کے جنازے آبائی علاقوں میں ہوئے، طالبان رجیم کے عہدیدار بھی جنازوں میں شریک ہوئے ہیں، پاکستان میں دراندازی کرنے والے فتن الخوارج کے گروپس میں 70 فیصد تک دہشتگردوں کا تعلق افغانستان سے ہے۔سکیورٹی ذرائع کے مطابق افغان طالبان نے چھوڑا گیا امریکی ونیٹو اسلحہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشتگردوں کو فراہم کیا، امریکی ساختہ M-4 رائفلیں، Remington سنائپر رائفلیں اور نائٹ وژن ڈیوائسز اب دہشتگردوں کے زیر استعمال ہیں۔ذرائع کے مطابق بھارت کی پشت پناہی سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان افغانستان سے پاکستان کے خلاف سرحد پار دہشتگردی میں سرگرم ہیں، 2026 میں افغان سرزمین سے ہونے والی دہشتگردی میں 1327 پاکستانی شہید اور 2484 زخمی ہو چکے ہیں

بقیہ نمبر 18

مکمل کی۔اس سے قبل پاکستانی فرسٹ کلاس کرکٹ میں تیز ترین سنچری کا ریکارڈ سابق کپتان مصباح الحق کے پاس تھا، جنہوں نے 2014 میں آسٹریلیا کے خلاف 56 گیندوں پر سنچری بنائی تھی۔محمد شہزاد کی جارحانہ اننگز میں 12 چوکے اور 8 چھکے شامل تھے۔انہوں نے مجموعی طور پر 62 گیندوں کا سامنا کرتے ہوئے 114 رنز بنائے۔یہ محمد شہزاد کی فرسٹ کلاس کرکٹ میں چھٹی سنچری ہے، جبکہ 49 گیندوں پر بنائی گئی سنچری عالمی فرسٹ کلاس کرکٹ کی تیز ترین سنچریوں میں آٹھویں نمبر پر بھی شمار ہوتی ہے۔

بقیہ نمبر 19

س پر وہ شدید صدمے اور غم کا اظہار کرتے دکھائی دیتے ہیں۔تاہم یہ جذباتی منظر ناظرین کو متاثر نہ کر سکا اور متعدد صارفین نے دانش تیمور کی اداکاری کو غیر فطری قرار دیتے ہوئے کہا کہ اس منظر کو زیادہ سادہ اور طریقے سے بھی پیش کیا جا سکتا تھا۔ایک صارف نے لکھا کہ وہ دانش تیمور کے مداح ہیں لیکن ان کی جذباتی مناظر میں اداکاری متاثر کن نہیں، جبکہ ایک اور صارف کے مطابق سنجیدہ منظر دیکھ کر بھی انہیں ہنسی آ گئی۔

بقیہ نمبر 20

مینوفیکچرنگ ایسوسی ایشن (پی وی ایم اے) ہاؤس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت مجوزہ صنعتی زون کے قیام میں صنعت کو ہر ممکن سہولت فراہم کرے گی اور پورٹ قاسم پر ضروری بنیادی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔انہوں نے کہا کہ خوردنی تیل کی صنعت ملکی مصنوعات میں اہم حصہ ڈال رہی ہے اور اس شعبے سے درآمدات کی مد میں کسٹمز ڈیوٹی اور سیلز ٹیکس کی صورت میں خاطر خواہ ریونیو حاصل ہوتا ہے۔محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ حکومت پورٹ قاسم پر صنعتی اور تجارتی زونز قائم کر رہی ہے تاکہ سرمایہ کاری کو فروغ دینے کے ساتھ مینوفیکچرنگ اور برآمدات میں اضافہ ہو جاسکے۔انہوں نے بتایا کہ پورٹ قاسم پر 150 ایکڑ رقبے پر آٹو موبائل پراسیسنگ زون قائم کیا جائے گا، جسے مارکیٹ کی طلب کے مطابق مرحلہ وار وسعت دی جاسکے گی، جبکہ 250 ایکڑ پر ملبوسات کا زون بھی قائم کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔وفاقی وزیر کے مطابق ملبوسات زون کے پہلے مرحلے سے ایک لاکھ 38 ہزار سے زائد روزگار کے مواقع پیدا ہونے اور سالانہ تقریباً 2.2 ارب ڈالر کی برآمدات متوقع ہیں۔انہوں نے کہا کہ پورٹ قاسم میں زمین سے متعلق مسائل حل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور قابل عمل کاروباری منصوبے پیش کرنے والے سرمایہ کاروں کو زمین الاٹ کی جائے گی۔پورٹ قاسم میں پانی کی قلت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سمندری پانی کو صاف کر کے بندرگاہ پر دوبارہ قابل استعمال بنانے کے لیے صنعتکاروں کے ساتھ بزنس ماڈل بنا کر واٹر ٹریٹمنٹ پلانٹ نصب کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے پی وی ایم اے کو مجوزہ منصوبے میں شریک ہونے کی دعوت دیتے ہوئے کہا کہ ایسوسی ایشن پورٹ قاسم کے ساتھ مل کر صنعت کی پانی کی ضروریات پوری کرنے کے لیے نظام قائم اور چلانے میں کردار ادا کر سکتی ہے۔وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت پورٹ قاسم پر سہولیات اور صنعتی سرگرمیوں کے فروغ کے لیے نجی شعبے کی شمولیت بڑھانے کی خواہاں ہے۔

بقیہ نمبر 21

دیگر عدالتی مقامات پر ویڈیو اور فوٹوگرافی کے ذریعے ریکارڈنگ ممنوع ہوگی۔سرکلر کے مطابق صحافیوں کیلئے مختص جگہ پابندی سے مستثنیٰ ہوگی، جہاں وہ اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں انجام دے سکیں گے۔عدالت کی جانب سے جاری ہدایات میں کہا گیا ہے کہ پابندی کی خلاف ورزی پر موبائل فون یا ریکارڈنگ ڈیوائس ضبط کرنے سمیت قانون کے مطابق کارروائی کی جاسکتی ہے۔

بقیہ نمبر 22

ترجمان ایف آئی اے کے مطابق متعلقہ ریکارڈ اور دستیاب مواد کے جائزے کے بعد محکمانہ سزائیں دی گئیں، احتساب کے ساتھ ساتھ اچھی کارکردگی والے ملازمین کی حوصلہ افزائی بھی کی گئی۔ترجمان کے مطابق ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون نے بہتر کارکردگی پر 3 افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیے۔ڈائریکٹر ایف آئی اے کے مطابق ادارے میں نظم و ضبط کی خلاف ورزی اور بدعنوانی پر سمجھوتہ نہیں ہوگا۔

بقیہ نمبر 23

معطل اختیار کیا کہ سرکاری ملازمت کے دوران انہوں نے اپنے فرائض دیانت داری، محنت اور انتظامی قواعد کے مطابق انجام دیے، تاہم ان کی تعیناتیوں اور پیشہ ورانہ اسناد سے متعلق بعض ذاتی نوعیت کے ریمارکس نے انہیں شدید ذہنی اذیت اور جذباتی تکلیف پہنچائی۔انہوں نے خط میں کہا کہ ان کی اہم انتظامی عہدوں پر تعیناتیوں کو میرٹ اور محنت کے بجائے ذاتی عنایت قرار دیے جانے سے انہیں تکلیف ہوئی۔شہریار میمن کے مطابق عوامی خدمت اعتماد اور اخلاقی ساکھ پر قائم ہوتی ہے اور موجودہ صورتحال میں ڈی جی ہیلتھ کے اہم منصب پر مؤثر انداز میں کام جاری رکھنا پیشہ ورانہ طور پر مناسب نہیں۔شہریار میمن نے عہدے کی عزت اور اپنی عزت نفس برقرار رکھنے کے لیے ڈی جی ہیلتھ سروسز سندھ حیدرآباد کا چارج چھوڑنے کی درخواست کرتے ہوئے معاملے پر فوری انتظامی کارروائی کی اپیل کی ہے۔درخواست کی نقول سیکریٹری صحت سندھ اور وزیر صحت سندھ کے پرنسل سیکریٹری کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔دوسری جانب ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سندھ نے شہریار میمن کی جانب سے عہدہ چھوڑنے کی درخواست کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈی جی ہیلتھ کا عہدہ خالصتاً تکنیکی اور طبی قیادت کا منصب ہے، جو قواعد اور میرٹ کے تحت گریڈ 20 کے سینئر اور مستحق ڈاکٹرز کو ملنا چاہیے۔ینگ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز کے مخصوص انتظامی اور پیشہ ورانہ عہدوں پر بیوروکریسی کی تعیناتی میرٹ کے اصولوں کے خلاف ہے۔ایسوسی ایشن نے حکومت سندھ سے مطالبہ کیا کہ شہریار میمن کی عہدے سے سبکدوشی کی درخواست فوری طور پر منظور کی جائے اور آئندہ کسی غیر متعلقہ بیوروکریٹ کو ڈاکٹرز کے انتظامی و پیشہ ورانہ عہدوں پر تعینات نہ کیا جائے۔ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن سندھ نے خبردار کیا کہ مطالبات پر فوری عملدرآمد نہ کیا گیا تو احتجاج اور دھرنے کا اعلان کیا جائے گا، جس کے بعد احتجاج کا دائرہ کار پورے صوبے تک وسیع کر دیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 24

شروع کر دی۔وزیر آبپاشی جام خان شورو کے نوٹس پر فیض گنج سب ڈویژن کے ایس ڈی او رحمت اللہ ابڑو کو معطل کر دیا گیا، جبکہ ایکسین ایسٹ ڈویژن خیرپور کو عہدے سے ہٹا کر کراچی رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔محکمہ آبپاشی سندھ نے ایس ای خیرپور اور چیف انجینئر سکھر بیراج (لیفٹ بینک) غلام مجتبی دھامراہ کو بھی وضاحت طلب نوٹس جاری کر دیے ہیں۔ترجمان محکمہ آبپاشی کے مطابق غیر قانونی پائپ لائنوں اور لفٹنگ مشینوں کے ذریعے پانی چوری کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کیا گیا ہے۔غفلت برتنے والے افسران کے خلاف ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن رولز کے تحت کارروائی ہوگی۔ترجمان نے بتایا کہ چیف انجینئر سکھر بیراج کو 2 ماہ کیلئے اپنا ہیڈکوارٹر سکھر سے فیض گنج منتقل کرنے کی ہدایت کی گئی ہے، جہاں وہ موجودہ کرنٹیل اینڈ کے آبادگاروں کو پانی کی فراہمی یقینی بنائیں گے۔ترجمان کے مطابق ٹیل اینڈ تک پانی کی منصفانہ تقسیم محکمہ آبپاشی کی اولین ترجیح ہے، پانی چوری یا غفلت میں ملوث کسی بھی افسر یا اہلکار کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔

بقیہ نمبر 25

نے ہمارے احتجاج کو دبانے کی کوشش کی تو اس بار ہم خاموش نہیں بیٹھیں گے، بلکہ اسلام آباد کو سومنات بنادیں گے۔نیویارک میں اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے اجلاس کے لیے وزیراعظم شہباز شریف کے وفد میں شامل وزیر دفاع خواجہ آصف نے ایک حالیہ انٹرویو کے دوران کہا کہ یہ (پی ٹی آئی والے) اسلام آباد کو سومنات سے تشبیہ دے رہے ہیں، کیا ان کے بھی عزائم وہی ہیں، اسلام آباد ایک بڑی اسلامی اور ایٹمی ریاست کا دارالخلافہ ہے، اس پر اللہ نے چاہا تو یہ ان کی آخری کوشش ہوگی، اس کے بعد یہ اس طرف رخ نہیں کر سکیں گے، اب یہ فیصلہ کن معرکہ ہوگا۔ایک سوال کے جواب میں خواجہ آصف کا کہنا تھا یہ نہیں ہوسکتا ہے کہ پی ٹی آئی والے ناجی آئیں، وہ بھی فیصلہ کن بات ہوگی، اب وفاق یا پاکستان اس طرح کی چیزوں کا متحمل نہیں ہوسکتا۔دوسری جانب پاکستان تحریک انصاف کی سابق رہنما فوزیہ قصوری کا کہنا تھا جو بھی احتجاج کے نام پر اسلام آباد پر حملہ کرنے کی بات کرے وہ پاکستان کا دوست نہیں ہے، ایسے لوگوں کو گاڑی میں بھر کر سرحد سے پار افغانستان بھیج دینا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ مختلف نظریے کی بنیاد پر یہ نہیں ہوسکتا کہ آپ ریاست اور افواج کیخلاف پروپیگنڈا شروع کر دیں، یہ دشمنوں کا کام ہے، احتجاج کرنا ہے تو کریں پالیسی دیں خیبر پختونخوا میں آپ کی حکومت ہے وہاں پالیسی لاکر دکھائیں۔

بقیہ نمبر 26

بھی مبارکباد دی۔وزیراعلی مریم نواز نے اخبارات کے قارئین کو خصوصی خراج تحسین پیش کیا اور کہا کہ اخبار معلومات کی بھرمار کے موجودہ دور میں بھی اطلاعات کا مستند ذریعہ ہے۔اخبارات میں ایڈیٹوریل چیک کے ذریعے غلط اور گمراہ کن معلومات کو روکنا قابل تحسین اور تقلید ہے۔اخبارات نے ہر دور میں شعور و آگاہی اور رائے عامہ کی صحیح سمت میں رہنمائی کیلئے اہم کردار ادا کیا۔وزیراعلی مریم نواز نے کہا کہ قیام پاکستان کی تحریک کے دوران اخبارات نے عوام میں آزادی کا شعور بیدار کیا۔تحریک آزادی کے دوران سیاسی سرگرمیوں کے ساتھ ساتھ صحافتی جدوجہد بھی تاریخ کا حصہ ہے۔اخبار کے مطالعہ کا شوق مجھے ورثے میں ملا، آج بھی وقت ملے تو اخبارات زیر مطالعہ آتے ہیں۔ڈیجیٹل اور سوشل میڈیا کے دور کے باوجود پرنٹ کی افادیت برقرار ہے گی۔گمراہ کن اطلاعات میں معروضی صحافت کی ضرورت پہلے سے کہیں زیادہ ہے۔نوجوان نسل کو درست معلومات تک رسائی کیلئے اخبارات کے مطالعہ پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

بقیہ نمبر 27

خیبر پختونخوا حکومت کرتی ہے، تحریک انصاف ٹی ٹی پی کی بی ٹیم اور ٹی ٹی اے کی سی ٹیم ہے۔وزیر اطلاعات نے کہا کہ سہیل آفریدی وزیراعلی کم اور کالعدم جماعت کے کمانڈر زیادہ لگتے ہیں، غیرقانونی مائننگ سے دہشتگردوں کو فنڈنگ کی جاتی ہے۔

بقیہ نمبر 28

نفری طلب کی تھی، صوبائی حکومت نے ابتدائی طور پر 19 ہزار نفری دینے پر آمادگی ظاہر کی تھی۔راولپنڈی، اٹک، مری میں سکیورٹی ضروریات کے باعث مزید نفری دینے سے معذرت کی گئی۔پنجاب سے ساڑھے 12 ہزار کی نفری بھی تاحال نہ پہنچ سکی، سندھ سے 2 ہزار کے قریب پولیس اہلکار اور افسران اسلام آباد پہنچ گئے ہیں۔

بقیہ نمبر 29

ان کے آبائی علاقوں میں ہوئے اور طالبان رجیم کے عہدیدار بھی جنازوں میں شریک ہوئے۔پاکستان میں دراندازی کرنے والے فتنہ الخوارج کے گروپس میں 70 فیصد تک دہشت گردوں کا تعلق افغانستان سے ہے۔طالبان رجیم نے چھوڑا گیا امریکی و نیٹو اسلحہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو فراہم کیا۔امریکی ساختہ M-4 رائفلیں، ریمنگٹن سنائپر رائفلیں اور نائٹ وژن ڈیوائسز اب دہشت گردوں کے زیر استعمال ہیں۔خیال رہے کہ 2026 میں افغان سرزمین سے ہونے والی دہشت گردی میں 1,327 پاکستانی شہید اور 2,484 زخمی ہو چکے ہیں، بھارت کی پشت پناہی سے فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان افغانستان سے پاکستان کے خلاف سرحد پار دہشتگردی میں سرگرم ہیں۔اقوام متحدہ کے مطابق افغانستان میں فتنہ الخوارج کی افرادی قوت تقریباً 6,000 سے 6,500 دہشت گردوں پر مشتمل ہے، 2025 میں فتنہ الخوارج نے 600 سے زائد دہشت گرد حملوں میں متعدد حملے افغان سرزمین سے پاکستان کے خلاف کیے گئے۔فتنہ الخوارج نے کنڑ، ننگرہار، خوست اور پکتیکا میں تربیتی مراکز قائم کر رکھے ہیں، فتنہ الخوارج کے تربیتی مراکز میں افغان طالبان کے اہلکاروں کی بھی شمولیت کا انکشاف ہوا۔واضح رہے کہ دہشت گرد ٹھکانوں کے خلاف کارروائی ہوتے ہی طالبان رجیم دہشتگردوں کے دفاع میں سامنے آجاتا ہے، اقوام متحدہ کی رپورٹس القاعدہ ETIM اور داعش کی موجودگی کا بھی انکشاف کر چکی ہیں۔پاکستان کا مطالبہ واضح ہے کہ دہشت گردوں کے ٹھکانے ختم کیے جائیں اور سرحد پار دراندازی بند کی جائے۔

بقیہ نمبر 30

جائے؟ وزیراعلی نے کہا کہ جس سیکریٹریٹ سے پورا صوبہ چلتا ہے اور صوبے کا انتظامی نظام چلتا ہے، وہاں جعلی تحریت کے ذریعے تمام سرکاری کام بند کروائے گئے، سیاست میں اتنا نہ گریں کہ کل کو ایک دوسرے سے آنکھ ملانے کے قابل نہ رہیں۔کوئی تحریت نہیں تھا، سیکریٹریٹ کینٹ کے اندر آتا ہے اور کینٹ کا پورا علاقہ ان کے کنٹرول میں ہے، جس مسجد کو تحریت کے باعث بند کیا گیا، میں خود وہاں گیا اور نماز ادا کی۔دریں اثناء سیاسی کمیٹی کے اجلاس میں 27 ستمبر کے احتجاج اور مارچ سے متعلق اہم فیصلوں پر غور کیا گیا۔پارٹی ذرائع کے مطابق اجلاس میں ارکان نے موقف اختیار کیا کہ 27 ستمبر کو پشاور سے اسلام آباد جانے کی صورت میں خون خرابے کا خدشہ ہے جب کہ وفاقی حکومت نے خیبر پختونخوا کے جلوس کو روکنے کے لیے بڑے پیمانے پر تیاریاں کر رکھی ہیں۔ذرائع کے مطابق سیاسی کمیٹی کے ارکان نے 27 ستمبر کا احتجاج مؤخر کرنے پر اتفاق کیا، تاہم احتجاج کی نئی تاریخ کے حوالے سے اجلاس میں دو تجاویز سامنے آئیں، ایک تجویز احتجاج کو 5 اکتوبر جبکہ دوسری کو 10 اکتوبر تک مؤخر کرنے کی ہے۔پارٹی اراکین کا کہنا تھا کہ "وفاق ہمارے ساتھ کھیل رہا ہے، ہم بھی ان کے ساتھ کھیلیں گے"۔اب وفاق کے ساتھ اعصابی لڑائی لڑی جائے گی، ہم چاہتے ہیں کہ لوگ خود وفاق کے خلاف کھڑے ہوں۔دوسری جانب پارٹی ذرائع نے مزید بتایا کہ احتجاج کی حتمی تاریخ کا فیصلہ سیاسی کمیٹی کے دوبارہ ہونے والے اجلاس میں کیا جائے گا۔

بقیہ نمبر 31

عملی زیر بحث آئی ہے، لانگ مارچ کا اختیار وزیر اعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کو عمران خان نے دیا ہے، وزیراعلی خیبر پختونخوا لانگ مارچ کو لیڈ کریں گے۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لانگ مارچ کے حوالے سے کوئی دو رائے نہیں ہے، ہم سیاسی جماعت ہیں اور اتفاق رائے و تفصیلی مشاورت سے فیصلے کرتے ہیں، ہم علامہ راجہ ناصر عباس جعفری اور محمود اچکزئی کو پارٹی معاملات سے متعلق آگاہ کرتے ہیں، میں دونوں اپوزیشن لیڈران کی بے پناہ عزت کرتا ہوں، کبھی ان کو فون پر نہیں بتاتا خود ان کے پاس آ کر انہیں بتاتا ہوں۔بیرسٹر گوہر نے کہا کہ لانگ مارچ سے متعلق جو بھی فیصلہ ہوگا اس حوالے سے وزیراعلی خیبر پختونخوا سہیل آفریدی ہی آگاہ کریں گے۔

بقیہ نمبر 32

کارکنوں نے حکومت کے سارے انتظامات ختم کر کے جلسہ کیا، مارچ کو ہم نے صرف روکا ہے ختم نہیں کیا حکومت اپنے ہتھکنڈوں سے باز آجائے۔حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ جیسی پارٹیاں پرانی ہو چکی ہیں یہ صرف فارم 47 کے سہارے پر ہیں یہ عوام کے آگے بہہ جائیں گی، ہم نے تو اپنے پورے ایجنڈے کے نکات بھی سامنے نہیں رکھے، ابھی تو ہم نے لیوی بھتہ کے خاتمے کی بات کی ہے، اب جسے پاکستان میں سیاست کرنی ہے اسے عوام کی خدمت کی سیاست کرنی ہوگی، اب جو عوام کے ساتھ نہیں کھڑا ہوگا وہ نہیں رہے گا۔انہوں نے کہا کہ یہ حکمران اپنی عیاشیاں اور جہاز نہیں چھوڑ سکتے، ان کا ایک ایک بیرون ملک دورہ عوام کو کروڑوں میں پڑتا ہے، یہ جو لینڈ مافیا، پٹرول مافیا اور دیگر مافیا ہمارے سروں پر مسلط ہیں یہ نہیں بچیں گے۔

بقیہ نمبر 33

دیگر سرکاری اسپتالوں کے مساوی ماہانہ وظیفہ فراہم کیا جائے گا۔اس اقدام کا مقصد کے ایم سی کے اسپتالوں میں طبی خدمات انجام دینے والے ڈاکٹروں کو بہتر سہولیات اور مراعات کی فراہمی ہے۔بلدیہ عظمٰی کراچی کے مطابق ادارے کی مالی صورتحال میں بہتری کے بعد ملازمین کی فلاح و بہبود، سہولیات اور مراعات میں اضافے کے اقدامات کیے جارہے ہیں۔

بقیہ نمبر 34

ذرائع کے مطابق محمود خان اچکزئی نے لانگ مارچ مؤخر کرنے کا اعلان کرنے سے انکار کردیا وہ 27 ستمبر کو ملک گیر تحریک شروع کرنے کے موقف پر قائم ہیں، اچکزئی نے کہا ہے کہ 27 ستمبر کا مارچ مؤخر نہیں ہوگا، 27 ستمبر کو کے پی سمیت دیگر صوبوں میں تحریک شروع ہوگی اور تحریک آہستہ آہستہ اسلام آباد کی جانب بڑھے گی۔

بقیہ نمبر 35

اہم ملاقاتوں سے ملکی سیاسی سرگرمیوں میں نئی لہر پیدا ہونے کا امکان ہے۔ذرائع کے مطابق اسلام آباد میں بلاول بھٹو زرداری کی ملاقاتیں آئندہ سیاسی لائحہ عمل کے حوالے سے اہم قرار دی جارہی ہیں۔

بقیہ نمبر 36

اس لیے ہم خاموش ہیں، تاہم آبادی میں اضافے اور انتظامی ضروریات کے باعث موجودہ نظام پر نظرثانی کی ضرورت ہے۔مصطفیٰ کمال نے کہا کہ بڑے صوبوں میں انتظامی امور اور وسائل کی تقسیم کے مسائل بڑھ رہے ہیں، اس لیے ملک میں نئے انتظامی یونٹس اور صوبوں کے قیام پر سنجیدہ بحث ہونی چاہیے۔ان کے مطابق چھوٹے انتظامی یونٹس قائم ہونے سے اختیارات عوام کی دہلیز تک پہنچانے اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی میں مدد مل سکتی ہے۔وفاقی وزیر صحت نے کہا کہ نئے صوبوں کا معاملہ صرف کسی ایک علاقے یا جماعت کا مسئلہ نہیں بلکہ ملک کے انتظامی اور معاشی مستقبل سے متعلق اہم معاملہ ہے، جس پر سیاسی جماعتوں اور تمام متعلقہ حلقوں کو قومی سطح پر غور کرنا چاہیے۔

بقیہ نمبر 37

و واشنگٹن کے درمیان بہترین پل ہیں، پاکستان امریکا تعلقات گزشتہ ایک سال کے دوران بہت بہتر ہوئے ہیں۔وزیراعظم نے کہا کہ ہماری معیشت اب مستحکم اور ترقی کی جانب گامزن ہے، خلیج کا بحران ہمارے لیے ایک مشکل مرحلے پر آیا، پاکستان خطے میں امن کے قیام کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کر رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ دوست اور برادر ممالک کے تعاون سے خطے میں طویل مدتی امن حاصل کرنے کی امید ہے، خطے میں طویل مدتی امن، کاروبار اور سرمایہ کاری کیلئے انتہائی اہم ہے، پاکستان میں بڑے پیمانے پر ساختی اور پالیسی سطح کی اصلاحات کی جا رہی ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ معیشت کو ڈیجیٹائز کرنے، ٹیکنالوجی اور ای گورننس پر تیزی سے کام جاری ہے، پاکستان کے زرعی شعبے میں سرمایہ کاری کی بے پناہ استعداد موجود ہے، مصنوعی ذہانت، جدید ٹیکنالوجی اور مشینری کے استعمال سے فی ایکڑ پیداوار بڑھائی جاسکتی ہے۔وزیراعظم نے کہا کہ جدید زرعی آلات کے استعمال سے اخراجات میں کمی اور کارکردگی میں اضافہ ممکن ہے، کان کنی اور معدنیات بھی پاکستان میں سرمایہ کاری کا اہم شعبہ ہے، اللہ تعالی نے پاکستان کو معدنی وسائل سے بے پناہ نوازا ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان پاکستان کا قیمتی اثاثہ ہیں، انہیں پیشہ ورانہ تربیت اور مہارتیں فراہم کر رہے ہیں، نوجوانوں کو ہنر، روزگار کے مواقع فراہم کر کے خودمختار بنا رہے ہیں، آئی ٹی اور مصنوعی ذہانت سے متعلق اقدامات ہماری ترجیحات میں شامل ہیں۔انہوں نے یہ بھی کہا کہ بندرگاہوں اور جہاز رانی کے شعبے میں سرمایہ کاری کی بھرپور استعداد موجود ہے، نجکاری آپ کی دلچسپی کا ایک اہم شعبہ ہے، پی آئی اے کی نجکاری ہو چکی ہے، نئے مالکان جو پاکستانی ہیں، اس میں بہتری لائیں گے۔وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پاور ڈسٹری بیوشن کمپنیوں کی بھی نجکاری کرنے جا رہے ہیں، حکومت کا کام نجی شعبے کیلئے کاروبار و سرمایہ کاری میں سہولت فراہم کرنا اور سازگار ماحول فراہم کرنا ہے۔ملاقات میں نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، وزیر دفاع خواجہ محمد آصف، وزیر خزانہ محمد اورنگزیب، معاونین خصوصی طارق فاطمی، بلال بن ثاقب، پاکستان کے اقوام متحدہ میں مستقل مندوب عاصم افتخار، پاکستان کے امریکہ میں سفیر رضوان احمد شیخ بھی شریک ہوئے۔

بقیہ نمبر 38

فوجی حکام کا ہنگامی اجلاس بلانے کی تیاریوں پر بھی بات چیت کی۔سعودی وزارت خارجہ کے مطابق ملاقات میں مکہ معاہدے کے تحت جنرل سیکرٹریٹ، کمیٹیوں اور ورکنگ گروپس کے قیام پر پیش رفت اور معاہدے پر عمل درآمد شروع کرنے کی تیاریوں کا جائزہ بھی لیا گیا۔تینوں وزرائے خارجہ نے مکہ مکرمہ اور سعودی عرب کی شہری و اقتصادی تنصیبات پر حملوں کی بھی شدید مذمت کی۔وزرا نے سعودی مسلح افواج کی جانب سے ملک کے دفاع کے لیے کی جانے والی کوششوں کو سراہتے ہوئے سعودی عرب کے اپنے دفاع کے حق کی بھی حمایت کی۔علاوہ ازیں ترک اسپیکر نے کہا کہ توقع ہے کہ دفاعی معاہدہ اگلے ماہ منظوری کے لیے پارلیمنٹ میں پیش کر دیا جائے گا، بین الاقوامی معاہدوں کے نفاذ کے لیے پارلیمانی منظوری کی ضرورت ہے

بقیہ نمبر 39

کے ارکان نے بھی پولیس ایکٹ کے خلاف بات کی۔ان کے مطابق نئے ایکٹ کے تحت حکم کے تابع رہنے والوں کو ترقیاں دی جائیں گی۔گورنر خیبر پختونخوا نے الزام عائد کیا کہ پی ٹی آئی نے پولیس کو ٹائیگر فورس بنانے کی کوشش کی اور صوبے میں ٹائیگر فورس کے لوگوں کو بھرتی کر کے اداروں کو تباہ کیا گیا۔فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس دہشت گردی کے خلاف لڑ رہی ہے اور گزشتہ روز پولیس نے دہشت گردی کی ایک بڑی کارروائی ناکام بنائی۔ان کا کہنا تھا کہ اگر صوبائی حکومت پولیس کی تنخواہیں نہیں بڑھاسکتی تو انہیں دیگر صوبوں کے برابر کردے۔ان کا کہنا تھا کہ صوبائی حکومت کو امن وامان کی صورت حال پر کام کرنا چاہیے، جب کہ صوبے کے اسپتالوں کا نظام تباہ ہو چکا ہے اور ڈاکٹرز احتجاج کر رہے ہیں۔

بقیہ نمبر 40

کی غیرجانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہیے۔

لیوی بھتہ ٹیکس آئی پی پیز مافیا کیخلاف آج احتجاجی کیمپس لگائے جائینگے، منعم ظفر

بجلی چوری کرنے والوں کو پکڑنا کے الیکٹرک کی ذمہ داری ہے، اگر کسی علاقے میں 2 یا 3 فیصد لوگ بجلی کے بل ادا نہیں کر رہے تو اس کی سزا پوری پوری آبادیوں کو کیوں؟

اس وقت کراچی میں کے الیکٹرک نے مافیائی طرز اختیار کرلیا ہے، اے ٹی اینڈ سی لاسز کے نام پر 18، 18 گھنٹے بجلی کی لوڈشیڈنگ کی جارہی ہے، امیر جماعت اسلامی کراچی

کراچی (ویب ڈیسک) امیر جماعت اسلامی کراچی منعم ظفر خان نے جمعہ کے روز ادارہ نورحق میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے اعلان کیا ہے کہ پیٹرول لیوی بھتہ ٹیکس کے خاتمے اور آئی پی پیز مافیا سے نجات حاصل کرنے کے مطالبات پر مبنی 20 لاکھ محضر نامے پر کروائے جائیں گے اس سلسلے میں ہفتہ 26 ستمبر سے کراچی کے 25 مقامات پر احتجاجی کیمپس لگائے جائیں گے اور بڑے پیمانے پر رابطہ عوام مہم چلائی جائے گی۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ بھتہ لیوی ختم، آئی پی پیز مافیا سے نجات دلائی جائے، روٹی 10 روپے کی جائے۔ اگر حکومت پالیسی ریٹ میں 3 فیصد کمی کردے تو اس کے نتیجے میں تقریباً 1700 ارب روپے کا فائدہ ہوسکتا ہے اور عوام کو پیٹرولیم لیوی جیسے بھتہ ٹیکس سے نجات دلانے میں مدد مل سکتی ہے۔ نیپرا کے تشکیل کردہ ٹریبونل کے فیصلے کے نتیجے میں کے الیکٹرک کی بنیادی ٹیرف میں 7 روپے 60 پیسے کا فرق واقع ہوا ہے جس سے حکومت کو 200 ارب روپے کا فائدہ ہوگا۔ ہمارا مطالبہ ہے کہ حکومت کو حاصل ہونے والا یہ فائدہ براہ راست عوام کو منتقل، بجلی کے بلوں میں کمی کی جائے، شدید گرمی میں بچوں، بوڑھوں اور خواتین سمیت ہر شہری پریشان ہے، کراچی میں لوڈشیڈنگ ختم کی جائے۔ کراچی کا نصف حصہ پانی سے محروم ہے، کے فور منصوبہ تاحال نامکمل ہے، شہر کا انفرااسٹرکچر تباہ حال ہے ساڑھے پانچ سال سے ریڈ لائن منصوبہ شہریوں کے لیے عذاب بنا ہوا ہے، گرین لائن منصوبہ 2022 سے نامکمل ہے، نمائش سے آگے کے حصے کا کام بھی مکمل ہونے کا نام نہیں لے رہا، جماعت اسلامی کی حق دو کراچی تحریک جاری ہے۔ پیپلز پارٹی اور ایم کیو ایم کی نورا کشتی کا خمیازہ آج کراچی، اندرون ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 7

لاہور کے تاریخی ریلوے اسٹیشن کو مقامی سرکاری حکام کی جانب سے تزئین و آرائش کے بعد روشن کیا گیا ہے

ایران مذاکرات کیلئے تیار ہے لیکن طاقت کی زبان قبول نہیں کرے گا، ایرانی صدر

تہران (ویب ڈیسک) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے امریکا کو دوٹوک پیغام دیا ہے کہ ایران مذاکرات کیلئے تیار ہے لیکن طاقت کی زبان قبول نہیں کرے گا۔ ایرانی صدر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 5

ٹھٹھہ کی معروف درگاہ پر سکھر سے آنیوالی زائر خاتون پر مبینہ تشدد، پولیس اہلکار کیخلاف تحقیقات کا مطالبہ

درگاہ پر موجود پولیس اہلکار کے ساتھ کسی معاملے پر تنازع کے بعد مبینہ طور پر اس پر تشدد کیا گیا، متاثرہ خاتون

اگر کسی اہلکار کے خلاف بار بار شکایات سامنے آرہی ہوں تو معاملے کی غیر جانبدارانہ تحقیقات ہونی چاہیے

متاثرہ خاتون نے متعلقہ پولیس حکام سے واقعے کی شفاف تحقیقات کروا کر انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کردیا

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ کی معروف درگاہ پر سکھر سے آنے والی زائر خاتون پر مبینہ تشدد، پولیس اہلکار کے خلاف تحقیقات کا مطالبہ۔ ٹھٹھہ کی معروف درگاہ حضرت عبداللہ شاہ اصحابی پر سکھر سے حاضری کے لیے آنے والی خاتون مسماۃ سیدہ شبنم بانو نے مبینہ طور پر پولیس اہلکار سکندر خلیفی کے ہاتھوں تشدد کا نشانہ بننے کی شکایت کی ہے۔ متاثرہ خاتون نے متعلقہ پولیس حکام سے واقعے کی شفاف تحقیقات کروا کر انصاف فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔ خاتون نے شکایت کرتے ہوئے بتایا کہ درگاہ پر موجود پولیس اہلکار کے ساتھ کسی معاملے پر تنازع کے بعد مبینہ طور پر اس پر تشدد کیا گیا۔ متاثرہ خاتون کا کہنا ہے کہ وہ سکھر سے درگاہ پر حاضری کے لیے آئی تھی اور واقعے کے باعث شدید پریشان ہے۔ وہ مکلی تھانے میں بھی رپورٹ درج کرانے گئی، تاہم مبینہ طور پر سکندر خلیفی کے پولیس اہلکار ہونے اور ساتھی اہلکاروں سے تعلقات کے باعث اس کے خلاف کوئی کارروائی نہیں ہوسکی۔ مذکورہ پولیس اہلکار سکندر خلیفی کے حوالے سے ماضی میں بھی مختلف نوعیت کی سنگین شکایات سامنے آنے کا دعویٰ کیا جاتا رہا ہے، جن میں چند ماہ قبل ایک گونگی خاتون کے ساتھ درگاہ کے اندر مبینہ جنسی زیادتی کا الزام بھی شامل ہے۔ شکایت کنندگان کا کہنا ہے کہ یہ معاملہ ایس ایس پی آفس تک پہنچنے کے باوجود آگے نہیں بڑھ سکا۔ اسی طرح بعض مقامی حلقوں کی جانب سے دعویٰ کیا گیا ہے کہ ماضی میں مذکورہ اہلکار سے متعلق درگاہ کے اندر سرکاری اسلحے سے فائرنگ کا واقعہ بھی پیش آیا تھا، جس کی بھی شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ مقامی سماجی اور باشعور حلقوں کا مزید کہنا ہے کہ درگاہ پر مختلف اوقات میں دور دراز علاقوں سے آنے والی بیمار، بیوہ اور کمزور خواتین کی موجودگی کے دوران ان کے تحفظ اور عزت کے حوالے سے خصوصی انتظامات ضروری ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ اگر کسی اہلکار کے خلاف بار بار شکایات سامنے آرہی ہوں تو معاملے کی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 40

پی ٹی آئی لانگ مارچ مؤخر ہونا سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کی آخری امید ہے، فواد چودھری

لاہور (ویب ڈیسک) سابق وفاقی وزیر فواد چودھری نے کہا ہے کہ تحریک انصاف کا لانگ مارچ مؤخر کرنا ملک میں سیاسی درجہ حرارت کم کرنے کی آخری امید ہے۔ سماجی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 8

اے این ایف کی کارروائیاں، 5 کروڑ کی منشیات برآمد

کارروائیوں کے دوران 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کرکے مقدمات درج کرلیے گئے، ترجمان

راولپنڈی (ویب ڈیسک) اینٹی نارکوٹکس فورس نے کراچی سمیت ملک بھر میں کارروائیوں کے دوران 5 کروڑ روپے سے زائد مالیت کی منشیات برآمد کرلیں۔ ترجمان اے این ایف کے مطابق ملک کے مختلف شہروں میں منشیات اسمگلنگ کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، کارروائیوں کے دوران 118.15 کلوگرام منشیات برآمد کی گئی، جس کی مالیت 5 کروڑ 6 لاکھ روپے کے لگ بھگ تھی، مذکورہ کارروائیوں میں 3 خواتین سمیت 9 ملزمان کو گرفتار کیا گیا۔ بیان میں کہا گیا ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 4

حکام کی غفلت: کے باعث ٹوٹا ہوا پیدل پل خطرات کا باعث بن گیا

فیک نیوز نہیں چلنے دیں گے، سندھ حکومت کا محکمہ اطلاعات کو مؤثر مانیٹرنگ کا حکم

سندھ کے سینئر وزیر کی زیر صدارت اجلاس، فیک نیوز کی نشاندہی اور تدارک کیلئے این سی سی آئی اے سے معاونت لینے کا فیصلہ

جھوٹی اور گمراہ کن اطلاعات کے ذریعے کسی بھی شخص یا ادارے کو نقصان پہنچانے کی کوشش برداشت نہیں کی جائے گی، سینئر وزیر

کراچی (اسٹاف رپورٹر) سندھ حکومت نے فیک نیوز اور گمراہ کن اطلاعات کی روک تھام کیلئے محکمہ اطلاعات میں مؤثر مانیٹرنگ نظام وضع کرنے اور نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی (این سی سی آئی اے) سے معاونت لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ سندھ کے سینئر وزیر شرجیل انعام میمن کی زیر صدارت محکمہ اطلاعات کے اہم اجلاس میں سیکریٹری اطلاعات کاشف گلزار شیخ، ڈی جی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 1

کراچی میں 3 مقابلے، ڈاکو ہلاک، 2 زخمی سمیت 3 گرفتار

شاہ لطیف میں ڈاکو کی فائرنگ سے پولیس اہلکار زخمی، فیروزآباد میں 2 کارلفٹر گرفتار

کراچی (ویب ڈیسک) شہر کے مختلف علاقوں میں پولیس کے مبینہ مقابلوں کے دوران ایک ڈاکو ہلاک ہوگیا جبکہ 2 زخمیوں سمیت 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا۔ گرفتار ملزمان کے قبضے سے اسلحہ، موبائل فون، نقدی اور موٹر سائیکل برآمد کرلی گئی۔ پولیس کے مطابق شاہ لطیف ٹاؤن میں فاسٹ یونیورسٹی کے قریب مبینہ مقابلے کے دوران ڈاکو کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل سلیم ولد حضرت خان زخمی ہوگیا، جبکہ پولیس کی جوابی فائرنگ سے ڈاکو راول ولد ثروت بھی زخمی ہوگیا۔ زخمی ڈاکو کو طبی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 9

مقامی حکومت کا محکمہ کراچی میں فٹ پاتھ کی خوبصورتی کے کاموں کی نگرانی کر رہا ہے

منشیات کیس، 2 ملزمان کی عمر قید اور جرمانے کی سزا برقرار

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے منشیات کیس میں سزا پانے والے 2 ملزمان صدام حسین اور احسان اللہ کی اپیلیں مسترد کرتے ہوئے ماتحت عدالت کی جانب سے سنائی گئی عمر قید اور جرمانے کی سزا برقرار ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 3

ٹھٹھہ: خونی تالاب میں کچرے کو اچانک آگ، 20 سے زائد گھر متاثر

آگ اس قدر شدید تھی کہ شعلے آسمان سے باتیں کرتے دکھائی دیے، دو فائر بریگیڈ گاڑیاں موقع پر پہنچیں

ٹھٹھہ (نمائندہ پاکستان بلیٹن) ٹھٹھہ شہر کی گنجان آبادی والے علاقے اسلام پور محلے سے متصل قدیم خونی تالاب میں موجود کچرے کو اچانک آگ لگ گئی۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ کے شعلے بلند ہونے لگے اور شہری آبادی کی جانب بڑھنے کے باعث عیدگاہ اور گرلز کالج روڈ کے قریب پارہیٹری، گندرا، میکھواڑ، میھشوری، باگھل اور بلوچ برادریوں کے 20 سے زائد گھر متاثر ہوئے۔ آگ اس قدر شدید تھی کہ شعلے آسمان سے باتیں کرتے دکھائی دیے۔ اطلاع ملنے پر دو فائر بریگیڈ ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 2

وزیراعظم شہباز شریف سے لبنانی وزیراعظم کی ملاقات

نیویارک (ویب ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے لبنان کی خودمختاری، سیاسی آزادی، اتحاد اور علاقائی سالمیت کے لیے پاکستان کی مستقل حمایت کا اعادہ کرتے ہوئے فوری طور پر مخاصمت کے خاتمے، جنگ بندی کے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 10

سندھ حکومت، لمز اور آغا خان یونیورسٹی میں معاہدہ

خطرے کی درجہ بندی اور طبی فیصلوں میں معاونت کیلئے جدید نظام متعارف کرانے کا فیصلہ

کراچی (اسٹاف رپورٹر) حکومت سندھ کے محکمہ صحت، لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) اور آغا خان یونیورسٹی نے ماں، نوزائیدہ اور بچوں کی صحت کیلئے قومی مصنوعی ذہانت مرکز کو عوامی صحت کے نظام میں مربوط کرنے کیلئے تین سالہ تعاون کے معاہدے پر دستخط کردیے۔ معاہدے کے تحت سندھ میں بنیادی سطح پر فراہم کی جانے والی صحت کی خدمات میں مصنوعی ذہانت کو شامل کیا جائے گا، جس کا مقصد بالخصوص خواتین، نوزائیدہ بچوں اور کمزور طبقات کیلئے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 12

وزیراعظم پیٹرول ریلیف اسکیم 47 لاکھ مستحق افراد کو رعایتی پیٹرول کی فراہمی

اوگرا کی نشاندہی پر انٹرنیٹ کی عدم دستیابی یا تکنیکی دقت کا سامنا کرنے والے پٹرول پمپس پر متبادل ایس ایم ایس بیسڈ ویریفکیشن کا باضابطہ نفاذ

58 لاکھ سے زائد رجسٹریشن، انٹرنیٹ مسائل والے پمپس پر ایس ایم ایس ایکٹیویشن کردی ہے، شزا فاطمہ، بلال اظہر کیانی کی میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی حکومت نے وزیراعظم پٹرول ریلیف اسکیم کے تازہ ترین اعداد و شمار جاری کرتے ہوئے بتایا ہے کہ اب تک ملک بھر میں 58 لاکھ سے زائد افراد کی رجسٹریشن مکمل ہوچکی ہے، 61 لاکھ ٹوکنز کے اجرا کے بعد 47 لاکھ مستحق افراد پٹرول پمپس سے رعایتی پٹرول حاصل کرچکے ہیں، حکومت نے عوامی فیڈ بیک پر موٹر سائیکل سواروں کے لیے ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 11

پشاور: لوڈشیڈنگ اور ڈاؤن لوڈ کے باعث بڑھتی ہوئی طلب کے پیش نظر شہری بیٹریوں کی مرمت کروا رہے ہیں

فیض گنج میں پانی چوری پر محکمہ آبپاشی کے 3 افسران کو نوٹس

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت نے تعلقہ فیض گنج میں پانی کی قلت اور لفٹ مشینوں کے ذریعے پانی چوری کے خلاف کاشتکاروں کے احتجاج کا نوٹس لیتے ہوئے محکمہ آبپاشی کے افسران کے خلاف کارروائی شروع ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 24

پشاور میں گرمیوں کی شدت کے بیچ برف فروشوں کا بڑھتی ہوئی طلب میں اضافہ

شہریار میمن نے ڈی جی ہیلتھ حیدرآباد کا عہدہ چھوڑنے کیلئے درخواست جمع کرادی

متعلق بعض ذاتی نوعیت کے ریمارکس نے انہیں شدید ذہنی اذیت اور جذباتی تکلیف پہنچائی، شہریار میمن

کراچی (ویب ڈیسک) ای او سی کو آرڈینیٹر شہریار میمن نے ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز سندھ حیدرآباد کا عہدہ چھوڑنے کے لیے سیکریٹری سروسز، جنرل ایڈمنسٹریشن اینڈ کوآرڈینیشن (ایس اینڈ جی اے ڈی) کو درخواست دے دی۔ شہریار میمن کو 21 ستمبر کو ڈائریکٹر جنرل ہیلتھ سروسز سندھ حیدرآباد تعینات کیا گیا تھا تاہم چند روز بعد ہی انہوں نے عہدے سے سبکدوش ہونے کی درخواست کردی۔ سیکریٹری ایس اینڈ جی اے ڈی کو لکھے گئے خط میں شہریار میمن نے مقف ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 23

کراچی: شاہراہ فیصل پر ٹریفک جام کا منظر

لانگ مارچ سے پہلے اسلام آباد کنٹینرز سے سیل کردیا گیا

راولپنڈی کے اضلاع اٹک، جہلم، چکوال اور میانوالی میں رینجرز تعینات کردی

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی دارالحکومت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 13

پوسٹ گریجویٹ ڈاکٹرز کے ماہانہ وظیفے میں اضافے کا حکم

کراچی (اسٹاف رپورٹر) [illegible] ڈاکٹرز کو سندھ کے دیگر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 33

ایف آئی اے میں بے ضابطگیوں پر 9 ملازمین برخاست، 8 کی تنزلی

ڈائریکٹر ایف آئی اے اسلام آباد زون نے بہتر کارکردگی پر 3 افسران کو تعریفی سرٹیفکیٹ دیے

اسلام آباد (ویب ڈیسک) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) اسلام آباد میں بے ضابطگیوں پر 75 ملازمین کو محکمانہ سزائیں دی گئی ہیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق 9 ملازمین کو نوکری سے برخاست اور 8 کی عہدے سے تنزلی کر دی گئی، 58 ملازمین کو دیگر محکمانہ سزائیں دی گئیں۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق عوامی شکایات اور دیگر محکمانہ معاملات میں ملازمین کو ذاتی طور پر سنا گیا، سزا پانے والے تمام ملازمین کو موقف پیش کرنے کا موقع فراہم کیا گیا۔ ترجمان ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 22

پریزیڈنٹ ٹرافی: محمد شہزاد نے مصباح الحق کی تیز ترین فرسٹ کلاس سنچری کا ریکارڈ توڑ دیا

گورنر سندھ نہال ہاشمی سے مصر کے سفیر کی ملاقات

کراچی (ویب ڈیسک) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے مصر کے سفیر ڈاکٹر ایہاب عبدالحمید نے گورنر ہاؤس کراچی میں ملاقات کی، جس میں پاکستان اور مصر کے درمیان مذہبی و تاریخی سیاحت، تعلیم، تجارت اور نوجوانوں ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 14

سولہویں گریڈ کے اساتذہ کو 17 ویں گریڈ میں ترقی دینے کی تیاری

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ حکومت کے اسکول ایجوکیشن اینڈ لٹریسی ڈپارٹمنٹ نے 16 ویں گریڈ کے اساتذہ کو 17 ویں گریڈ میں ترقی دینے کی تیاری شروع کردی۔ محکمہ تعلیم کے مطابق 16 ویں گریڈ کے سندھی زبان اور ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 16

ووٹ ذات یا صورت نہیں، کارکردگی دیکھ کر دیا کریں، طلال چودھری

ووٹ دیتے ہوئے ذات کو نہ دیکھا جائے، صورت نہیں کارکردگی دیکھ کر ووٹ دیا کریں

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس آدمی کے حق میں آواز اٹھائیں جو بہتر کام کرسکتا ہے۔ طلال چودھری نے کہا کہ ووٹ دیتے ہوئے ذات کو نہ دیکھا جائے، صورت نہیں کارکردگی دیکھ کر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 15

سندھ ہائیکورٹ کے احاطے میں ویڈیو اور فوٹوگرافی پر پابندی

کراچی (ویب ڈیسک) سندھ ہائیکورٹ نے عدالتی احاطے میں ویڈیو بنانے اور فوٹوگرافی پر پابندی عائد کردی۔ جاری سرکلر کے مطابق سندھ ہائیکورٹ کے کمرہ عدالت، راہداریوں، انتظار گاہوں، دفاتر اور دیگر ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 21

خوردنی تیل صنعت کو پورٹ قاسم میں صنعتی سٹی قائم کرنیکی پیشکش

اسلام آباد (ویب ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چودھری نے خوردنی تیل کے صنعتکاروں کو پورٹ قاسم اتھارٹی کے اشتراک سے بندرگاہ پر خوردنی تیل کا صنعتی سٹی قائم کرنے کی پیشکش کی ہے۔ پاکستان وناسپتی ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 20

دانش تیمور کی سنجیدہ اداکاری دیکھ کر مداح رونے کے بجائے ہنس پڑے، ڈرامے کا کلپ وائرل

خوارج میں 70 فیصد دہشتگردوں کا تعلق افغانستان سے ہے، سکیورٹی ذرائع

افغان طالبان نے چھوڑا گیا امریکی و نیٹو اسلحہ فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کو فراہم کیا

امریکی ساختہ M-4 رائفلیں، Remington سنائپر رائفلیں اور نائٹ وژن ڈیوائسز اب دہشت گردوں کے زیر استعمال ہیں، ذرائع

اسلام آباد (ویب ڈیسک) افغانستان کی طالبان رجیم تمام شواہد کے باوجود دہشت گردوں کی سرپرستی سے مسلسل انکار کر رہی ہے، جس کے باعث دہشت گرد گروہ پاکستان میں مسلسل دراندازی کی کوششیں کر رہے ہیں۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان میں مارے گئے 260 افغان دہشتگردوں کی نام، پتے اور خاندانی تفصیلات کے ساتھ شناخت ہو چکی ہے جبکہ غیر شناخت ....بقیہ صفحہ 3 نمبر 17